ہمدرد

پرائمری گائیڈ

جماعت دوم

ہمدرد کتب خانہ ۸۔ اردو بازار لاہور

جملہ حقوق بحقِ ناشر محفوظ ہیں!

بمطابق نصابِ محکمہ تعلیم پنجاب

محمد احمد حسین

دوسرا درجہ دو

ہمدرد

پرائمری گائیڈ

دوسری جماعت کیلئے

دینیات ○ معاشرتی علوم ○ سائنس ○ حساب ○ اُردو

نیا ایڈیشن 1985-86

ہمدرد کتب خانہ اُردو بازار لاہور رجسٹرڈ

قیمت 5.00 روپے

انتساب

قوم کے اُن نونہالوں
کے
نام

جن کو بچپن ہی سے لکھنے اور پڑھنے کا شوق ہے۔
اور جو بڑے ہو کر آئندہ اس ملک کی قسمت سنواریں گے۔

ناشر

طبع اوّل ——— سرورق ——— خیالی

ناشر ——— حاجی محمد حسین گوہر ——— کتابت ——— ابوالفیصل محمد امین خان

مقامِ اشاعت ——— ہمدرد کتب خانہ ——— آرٹ ڈرائنگ ——— جاوید آرٹسٹ

اُردو بازار لاہور ——— دفتری ——— خلیفہ یٰسین

مطبع ——— میگنا پریس لاہور ——— قیمت ——— 5.00 روپے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دینیات

سوال: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے معنے بتاؤ۔ یہ کس وقت پڑھتے ہیں؛

جواب: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے معنے ہیں شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو مہربان اور رحم کرنے والا ہے۔

رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تم جب بھی کوئی کام شروع کرو تو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ لیا کرو۔ اس سے خدا کام میں برکت دیتا ہے۔

سوال: کلمہ طیبہ زبانی سناؤ اور اس کا مطلب بھی بتاؤ؛

جواب: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اس کا مطلب ہے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔ کلمہ طیبہ کے دو حصے ہیں:۔

(1) توحید (2) رسالت

توحید: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کوئی نہیں سوائے اللہ کے، یعنی اللہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں وہی سب کو پالنے والا ہے۔

رسالت: مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ یعنی محمدؐ اللہ کے رسول ہے جنہیں اللہ نے اپنے بندوں کو سیدھا راستہ دکھانے کے لیے دنیا میں بھیجا۔ اگر کسی غیر مسلم کو مسلمان بنانا ہو تو اسے کلمہ طیبہ پڑھاتے ہیں

سوال: مثال دے کر بتاؤ کہ اللہ ایک ہے؛

جواب: جس طرح گھڑی، گھڑی ساز نے، کرسی بڑھئی نے بنائی ہے اسی طرح ہم سب جانداروں کو بنانے والا اللہ ہے، زمین، آسمان، چاند، ستارے، سورج بھی اسی نے بنائے ہیں۔

جب سے یہ چیزیں بنی ہیں کام خوب اچھی طرح ایک ہی طریقے سے چل رہا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ اللہ ایک ہے۔ اگر

اللہ ایک کی بجائے دو ہوتے تو ان کے آپس
کے جھگڑوں سے لوگوں کو کتنا دُکھ اُٹھانا پڑتا
ایک خدا کہتا کہ مَیں سورج مغرب سے نکالوں
گا، دوسرا کہتا کہ مَیں جنوب سے نکالوں گا۔
لیکن ایسا کبھی نہیں ہوا۔ اس سے پتہ چلتا
ہے کہ اللہ ایک ہی ہے اس کا کوئی ساتھی
نہیں، نہ اس کی ماں ہے، نہ باپ، نہ بیٹا،
وہی ہمیں زندگی اور موت دیتا ہے، وہی
عبادت کے لائق ہے۔

سوال: کیا قرآن شریف خدا کی کتاب ہے؟

جواب: جی ہاں! قرآن شریف خُدا کی کتاب
ہے اور اللہ نے اسے لوگوں کی ہدایت
کے لیے بھیجا ہے۔

سوال: کیا حضورؐ خدا کے آخری رسول ہیں؟

جواب: اللہ نے لوگوں کی ہدایت کے لیے بے شمار
نبی یا رسول بھیجے ہیں۔ رسولِ کریمؐ کو اللہ
نے آخری رسول بنا کر بھیجا ہے۔ اب قیامت
تک اس دُنیا میں کوئی نبی یا رسول نہیں آئے
گا۔ اللہ نے قرآن میں فرمایا ہے۔ اے
محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مَیں نے تجھ پر
اپنا دین مکمل کر دیا۔

سوال: اَللّٰہُ اَکْبَر کے معنے بتاؤ۔

جواب: اَللّٰہُ اَکْبَر کے معنے ہیں اللہ بہت
بڑا ہے۔ اس کے سوا زیادہ عزت والا، طاقت
والا، شان والا نہ کوئی ہے نہ ہوگا۔

سوال: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کے معنے اور استعمال بتاؤ۔

جواب: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کا مطلب یہ ہے، کہ
سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں۔ اس
کے سوا کوئی تعریف کے لائق نہیں۔
ہر کام ختم کرنے کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
پڑھنا چاہیے۔

سوال: شکریہ کس وقت کہتے ہیں؟

جواب: جب کوئی ہم سے نیک سلوک کرے
یا ہمارے کسی کام آئے تو ہم اس کا شکریہ ادا
کرتے ہیں۔ کہتے ہیں شکریہ مہربانی۔

سوال: جَزَاكَ اللّٰہُ کے معنے بتاؤ اور بتاؤ
کب کہتے ہیں؟

جواب: جَزَاكَ اللّٰہُ کے معنے ہیں اللہ تمہیں
اس کام کا بدلہ دے۔
جب کوئی ہماری مدد کرتا ہے، ہم سے
اچھا سلوک کرتا ہے تو ہم جَزَاكَ اللّٰہُ
کہتے ہیں۔

سوال: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ کے معنے بتاؤ اور
اس کے جواب میں تم کیا کہو گے؟

جواب: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ کا مطلب ہے
تم پر سلامتی ہو یا خُدا تمہیں سلامت

رکھے جب ایک مسلمان دوسرے مسلمان سے
ملے تو اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کہے۔ جس کے
جواب میں دوسرے کو وَعَلَیْکُمُ السَّلَام
کہنا چاہیے۔ اس کا مطلب ہے اللہ تم پر بھی
سلامتی کرے

نماز

سوال: نماز کیا ہے؟

جواب: نماز اللہ تعالےٰ کی عبادت ہے جو ہر
مُسلمان پر فرض ہے۔ کافر اور مسلمان میں فرق
صرف نماز ہے۔

سوال: دن میں کتنی نمازیں پڑھتے ہیں؟

جواب: دن میں پانچ نمازیں فرض ہیں:۔
1. فجر، 2. ظہر، 3. عصر، 4. مغرب
5. عشاء

سوال: نماز میں کیا پڑھتے ہیں؟ زبانی سناؤ۔

جواب: بچے کتاب میں سے زبانی یاد کر کے
سنائیں۔

سیرت النبی ﷺ

سوال: ہمارے پیارے رسول حضرت محمد مصطفےٰ
صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: آپؐ مکّہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

سوال: آپؐ کے والد کا نام اور کس نے پرورش
کی بتائیں؟

جواب: آپؐ کے والد کا نام حضرت عبداللہؓ
تھا۔ آپؐ کی پیدائش سے پہلے ہی ان کا
انتقال ہو گیا تھا۔ آپؐ کی پرورش آپؐ
کے دادا عبدالمُطلب اور چچا ابوطالب
نے کی۔

بزرگوں کا ادب

رسول پاکؐ فرماتے ہیں، بزرگوں کا ادب
کرنا چاہیے، خُدا ادب کرنے والوں سے بہت
خوش ہوتا ہے۔

ایک دفعہ رسولِ پاکؐ کی دایہ حضرت حلیمہؓ
کسی کام سے تشریف لائیں۔ آپؐ نے جب اُن
کو آتے دیکھا اُٹھ کر کھڑے ہو گئے اور اپنی چادر
اُن کے بیٹھنے کے لیے بچھا دی اور بڑے ادب
سے اُن کے آنے کا مطلب پوچھا اور فوراً کام
کر کے بڑی عزت سے رخصت کیا۔

سچ بولنا

ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔ سچے کی ہر جگہ عزت
ہوتی ہے۔ ہمارے پیارے رسول حضرت محمد صلی
اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سچ بولنے کو کہتے تھے اور ہمیشہ

سچ بولتے تھے، یہی وجہ تھی کہ اپنے اور بیگانے سب آپؐ کی سچائی کو دل سے مانتے تھے، عزت کرتے تھے اور صادق کے نام سے یاد کرتے تھے۔

ابوجہل آپؐ کا سب سے بڑا دشمن تھا۔ مگر وہ بھی آپؐ کی سچائی کو مانتا تھا اور کہتا تھا کہ اے محمدؐ! (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) مَیں تجھے جھوٹا نہیں کہتا، مگر تیرے دین میں آنے کو دِل نہیں کرتا۔

صداقت و دیانت

رسولِ پاکؐ میں دنیا بھر کی خوبیاں تھیں۔ حضرت خدیجہؓ مکّہ کی مالدار خاتون تھیں۔ انہوں نے جب آپؐ کی ایمانداری کا چرچا سُنا تو تجارت کے لیے اپنا مال ان کے سپرد کر دیا۔ واپسی پر ملازم نے آپؐ کی بے مثال ایمانداری اور دیانت داری کی تعریف کی، آپ نے خوش ہو کر رسولِ پاکؐ سے شادی کر لی۔

جب رسولِ پاکؐ ہجرت کر کے مدینہ جانے لگے تو آپؐ کے پاس مکّہ والوں کی بہت سی امانتیں تھیں۔ اپنے دوست دشمن سب کی امانتیں حضرت علیؓ کے سپرد کر دیں اور حکم دیا کہ جن کی یہ امانتیں ہیں انہیں واپس کر دینا۔ دشمنوں نے آپؐ کو شہر چھوڑنے پر مجبور کیا مگر آپؐ نے اُن کی امانتوں میں خیانت نہیں کی۔

دُوسروں کی خِدمت

ایک بار رسولِ خُدا شہر سے باہر جا رہے تھے دیکھا کہ ایک بوڑھی عورت بھاری گٹھڑی اٹھائے گھبرائی ہوئی جا رہی ہے۔ آپؐ اس کے پاس گئے اور پوچھا کیا بات ہے اماں جی؟ مائی کہنے لگی، بچّہ بوجھ زیادہ ہے اُٹھایا نہیں جاتا، وہ سامنے گاؤں جانا ہے۔ آپ نے گٹھڑی اپنے سر پر رکھ لی اور کہا آؤ مَیں چھوڑ آتا ہوں۔

آپؐ جب اس مائی کو گھر پہنچا کر واپس مڑنے لگے تو مائی نے کہا، بیٹا! میری ایک بات یاد رکھنا شہر میں ایک جادوگر ہے۔ اس کا نام ہے محمدؐ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اس کے پاس نہ جانا، جو اس کی بات سُنتا ہے اسی کا ہو رہتا ہے اس سے بچنا، آپؐ نے مُسکرا کر فرمایا، اماں جی وہ محمدؐ تو مَیں ہی ہوں۔ مائی نے سُنا تو حیران ہو کر کہنے لگی، اگر تم ہی ہو تو مَیں ہزار جان سے تم پر قربان ہو جاؤں، اتنا کہا اور وہ مائی فوراً مسلمان ہو گئی۔

دوسروں کی خدمت سے بہت کچھ ملتا ہے۔

بچّوں سے پیار

رسول پاکؐ بچّوں سے بہت پیار کیا کرتے تھے۔ آپؐ چھوٹے بچّوں کو اکثر گود میں اٹھا لیا کرتے

تھے ۔ آپؐ مسلمانوں کے ہی نہیں بلکہ کافروں کے بچّوں سے بھی بہت پیار کیا کرتے تھے ۔

شجاعت اور دلیری

ایک بار رات کو مدینہ میں شور ہُوا کہ دشمن کی فوج حملہ کے لیے شہر سے باہر آگئی ہے ۔ مگر کسی میں پتہ کرنے کی ہمّت نہ ہوئی ۔

رسول پاکؐ جلدی سے گھوڑے کی ننگی پیٹھ پر سوار ہو کر آگے بڑھے اور پورے شہر کے گرد چکّر لگا کر واپس آئے اور لوگوں کو تسلّی دی کہ خطرے کی کوئی بات نہیں ۔ رسول پاکؐ بہت بہادر تھے آپؐ نے جنگوں میں حصّہ لیا ۔ دشمنوں کے ساتھ خود لڑے، آپ کسی خطرے سے نہیں ڈرتے تھے ۔

صفائی

صفائی آدھا ایمان ہے ۔ یعنی جو شخص صفائی نہیں رکھتا اس کا ایمان مکمّل نہیں ۔ رسولِ پاکؐ نے صفائی رکھنے پر بہت زور دیا ہے ۔

رسولِ پاکؐ نے فرمایا اگر خدا نے کچھ مال دیا ہو تو ظاہری شکل و صورت سے بھی معلوم ہونا چاہیے یعنی اگر خدا نے کچھ مال دیا ہو تو کنجوسی نہیں کرنی چاہیے بلکہ صاف ستھرا لباس پہن کر عزّت سے رہنا چاہیے، لباس، جسم، گھر، بستر، برتن غرض ہر چیز صاف ستھری رکھنی چاہیے ۔

دُوسری جماعت کیلئے اچھی اچھی کتابیں

- ہمدرد فنون عملی
- ہمدرد حساب
- ہمدرد اُردو خوش خطی
- ہمدرد سائنس
- ہمدرد معاشرتی علوم
- ہمدرد دینیات

ہمدرد اُردو کی دوسری کتاب (اضافی)

معاشرتی علوم (جغرافیہ)

مشرق

طرفیں

طرفیں یا سمتیں چار ہوتی ہیں - 1. شمال، 2. جنوب، 3. مشرق، 4. مغرب -



صبح کے وقت اگر ہم سورج کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو جائیں تو ہمارے سامنے مشرق، پیچھے مغرب، دائیں ہاتھ جنوب اور بائیں ہاتھ شمال ہوگا -

مسجد

مسجد خدا کا گھر ہے جہاں مسلمان دن میں پانچ بار جمع ہو کر نماز پڑھتے ہیں - خدا کی عبادت کرتے ہیں۔ مسجد میں پاک صاف ہو کر داخل ہونا چاہیئے -



مسجد صابت خاں پشاور۔

سکول

جس عمارت میں ہم پڑھتے ہیں اسے سکول کہتے ہیں، ہمارا سکول بہت بڑا اور صاف ستھرا ہے - اس سکول سے لوگ علم حاصل کر کے بڑے بڑے افسر بن گئے ہیں۔ میں بھی بڑے شوق سے پڑھتا ہوں - اپنے استادوں کی عزت کرتا ہوں

ریلوے اسٹیشن

جہاں ریل گاڑیاں آکر ٹھہرتی ہیں اور مسافر اترتے چڑھتے ہیں اسے ریلوے سٹیشن کہتے ہیں -



لاری اڈہ

جس جگہ لاریاں یا موٹریں آکر ٹھہرتی ہیں، اس کو لاری اڈہ کہتے ہیں -

تانگوں کا اڈہ

جہاں تانگے کھڑے ہوں اسے تانگوں کا اڈہ کہتے ہیں -

گاؤں جہاں کچّے مکان اور گھاس پھُوس کے جھونپڑے ہوتے ہیں۔ یہاں کے لوگ کھیتی باڑی کا کام کرتے ہیں۔ گاؤں کی سڑکیں اور گلیاں کچّی ہوتی ہیں۔

قصبہ یہ گاؤں سے بڑا ہوتا ہے۔ اس کی آبادی بھی گاؤں سے بہت زیادہ ہوتی ہے۔ یہاں پکّے مکانات سکول، بازار، ہسپتال اور ڈاک خانہ بھی ہوتا ہے۔

شہر یہاں بہت زیادہ آبادی ہوتی ہے۔ حکومت کے دفتر ہوتے ہیں۔ منڈیاں اور کارخانے ہوتے ہیں۔ یہاں بڑی بڑی سڑکیں اور عمارتیں ہوتی ہیں یہاں سکول اور کالج بھی ہوتے ہیں۔



ہسپتال یہاں بیماروں کا علاج مفت ہوتا ہے۔ حکومت کی طرف سے مفت دوائیاں ملتی ہیں۔ یہاں بستروں کا بھی انتظام ہوتا ہے۔

بنک بنک میں روپیہ جمع کراتے ہیں اور ضرورت کے وقت نکال بھی لیتے ہیں۔ اس جگہ چوری کا خطرہ نہیں ہوتا۔

ڈاک خانہ یہاں ڈاک کے خط، ٹکٹیں اور لفافے ملتے ہیں۔ یہاں سے منی آرڈر کے ذریعے ہم روپیہ باہر بھیج سکتے ہیں۔

تھانہ حکومت کی طرف سے یہاں پولیس موجود رہتی ہے۔ یہ ہماری حفاظت کرتی ہے۔ پولیس چوروں اور ڈاکوؤں کو پکڑ کر عدالت سے سزا دلواتی ہے۔

ڈاکٹر جب ہم بیمار ہوتے ہیں تو ڈاکٹر ہمارا علاج کرتا ہے۔ ڈاکٹر لوگوں کی بڑی خدمت کرتا ہے۔

ڈاکیا یہ بڑا ایمان دار اور محنتی ہوتا ہے یہ لوگوں کے لفافے، خط اور منی آرڈر لاتا ہے اور انہیں تقسیم کرتا ہے۔

چوکیدار جب لوگ رات کو آرام سے سوتے ہیں تو یہ ان کے گھروں اور دکانوں کی رکھوالی کرتا ہے۔

سپاہی یہ امن وامان قائم رکھتا ہے۔ یہ لڑائی جھگڑا کرنے والوں کو پکڑ کر تھانے لے جاتا ہے اور چوروں کو سزا دلواتا ہے۔

دھوبی یہ لوگوں کے کپڑے دھوتا ہے۔ کبھی کبھی کپڑے کھو بھی دیتا ہے۔

گوالا یہ گائے اور بھینس پالتا ہے اور ان کا دُودھ فروخت کرتا ہے۔ جو گوالے دودھ میں پانی مِلا کر بیچتے ہیں حکومت ان کو جرمانہ کی سزا دیتی ہے۔

تانگہ یہ بڑے کام کی چیز ہے۔ ہم اس میں بیٹھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے ہیں۔



رکشہ یہ تین پہیوں کی چھوٹی سی سواری گاڑی ہے۔ جو بہت تیز چلتی ہے۔

بیل گاڑی اسے گڈّ بھی کہتے ہیں۔ اسے بیل چلاتے ہیں۔ زمیندار اس میں گندم اور چاول وغیرہ منڈی میں لاکر فروخت کرتے ہیں۔

ریڑھا یہ گھوڑے سے چلتا ہے۔ اس میں لوگ اپنا سامان لاتے اور لے جاتے ہیں۔ یہ شہر اور گاؤں میں

بہت استعمال ہوتا ہے۔

کار یہ چھوٹی اور خوبصورت گاڑی ہے جو پٹرول سے چلتی ہے۔ یہ بہت تیز دوڑتی ہے۔ اس میں چار پانچ آدمی بیٹھ سکتے۔ یہ امیروں کے پاس ہوتی ہے۔



بس یا لاری یہ کار سے بڑی اور لمبی ہوتی ہے اس میں 40، 50 آدمی بیٹھ کر سفر کر سکتے ہیں۔ لوگ ایک شہر سے دوسرے شہر میں بسوں کے ذریعے بھی جاتے ہیں۔



ٹرک یہ بس اور لاری جیسا ہوتا ہے اس کی چھت نہیں ہوتی اس میں بڑے بڑے کے لیے سامان لایا اور لے جایا جاتا ہے۔

کشتی یہ دریا اور نہروں میں چلتی ہے۔ لوگ دریا میں اسی سے سفر کرتے ہیں اور اپنا سامان بھی لے جاتے ہیں۔

پالتو جانور

بلّی اسے گھروں میں بڑے شوق سے پالتے ہیں۔ یہ چوہوں کی دشمن ہے۔ یہ ہر جگہ پائی جاتی ہے۔

کتّا یہ بڑا وفادار جانور ہے۔ یہ گھروں کی رکھوالی کرتا ہے۔ یہ شکار بھی کھیلتا ہے۔

مُرغ اور مرغی ہم اس کا گوشت اور

انڈے کھاتے ہیں - ان کے چوزے پالتے ہیں - یہ بڑے کام
کے جانور ہیں -



خرگوش یہ بڑا خوب صورت جانور ہے - ہم اس
کا گوشت کھاتے اور بڑے شوق سے پالتے ہیں

کارآمد جانور



بیل، بھینسا یہ کھیتی باڑی میں ہل چلانے کے
کام آتے ہیں - ان کی کھال کے
جوتے بنتے ہیں - ہم ان کا گوشت بھی کھاتے ہیں -



گدھا یہ غریب
اور بیوقوف
قسم کا جانور ہے
گھاس پھوس کھا
کر گذارہ کر لیتا
ہے اور ہر قسم کا بوجھ اٹھا لیتا ہے -

گھوڑا یہ بڑا محنتی اور وفادار جانور ہے - یہ تانگے اور
ریڑھے میں جوتا جاتا ہے - یہ بہت تیز دوڑتا ہے -

دودھ دینے والے جانور

گائے، بھینس، بکری اور بھیڑ یہ سب دودھ دینے
والے جانور ہیں - دودھ سے گھی اور مکھن تیار ہوتا ہے - ان



جانوروں کا گوشت بھی کھایا جاتا ہے۔ ان کی کھالوں سے جُوتے اور دیگر بہت سی چیزیں بنتی ہیں۔ ان کا گوشت ہم کھاتے ہیں۔ بھیڑ کی اُون سے چادریں، گرم کپڑا اور کمبل بنتے ہیں۔

درخت، پھل، پھول اور سبزیاں

درخت

درختوں کی بہت سی قسمیں ہوتی ہیں۔ جیسے شہتوت، شیشم، دھریک، کیکر، پیپل، آم، جامن وغیرہ۔ ان سے پھل، پھول اور لکڑی حاصل ہوتی ہے۔

پھل

مشہور پھل یہ ہیں:۔
آم، خربوزہ، امرود، سیب، انگور، انار، کیلا، ناشپاتی، لوکاٹ، اور کھجور وغیرہ۔

پھول

پھول بڑے خوب صورت ہوتے ہیں۔ جیسے گلاب، موتیا، چنبا، گیندا، نرگس، سورج مکھی وغیرہ۔



سبزیاں

ہم سبزیاں کھاتے ہیں۔ مشہور سبزیاں یہ ہیں:۔
آلو، بینگن، کریلا،

ٹماٹر، گاجر، مولی، شلجم،
بھنڈی توری، چقندر،
پالک، میتھی وغیرہ۔

پہاڑ اور دریا

ہمارے ملک پاکستان میں بڑے بڑے اور بہت اُونچے پہاڑ ہیں۔ ان پہاڑوں پر برف بھی پڑتی ہے اور سورج کی گرمی سے پگھل کر پانی بن کر بہتی ہے۔ جو کہ اکٹھا ہو کر دریا بن جاتے ہیں۔ پہاڑوں میں جنگل اور خوب صورت وادیاں بھی ہوتی ہیں۔ لوگ پہاڑوں پر سیر و تفریح کے لیے آتے ہیں۔ یہاں بڑے باغ بھی ہوتے ہیں۔ دریاؤں سے لوگ پانی حاصل کرتے ہیں اور مچھلیاں پکڑتے ہیں۔ پاکستان کے مشہور دریا یہ ہیں :۔

راوی، جہلم، چناب، سندھ اور ستلج۔

پاکستان کا مشہور پہاڑ "کے ٹو" ہے۔

ہماری خوراک



دودھ یہ بچوں اور بوڑھوں کے لیے بہترین خوراک ہے۔ یہ طاقت ور اور جلد ہضم ہونے والی خوراک ہے۔ دودھ ہمیشہ اُبال کر پینا چاہیے۔ دودھ سے دہی اور مکھن بھی بنتا ہے۔

گوشت یہ بہت اچھی خوراک ہے۔ اس کے کھانے سے جسم میں طاقت آتی ہے۔ عام طور پر گائے، بھیڑ، بکری اور



دُنبہ کا گوشت کھاتے ہیں ۔ مچھلی ، مُرغی اور تیتر کا گوشت بڑا مزیدار ہوتا ہے ۔

سبزیاں

سبزیاں کھانے سے خون صاف ہوتا ہے ۔ ہمیشہ تازہ سبزیاں کھانی چاہئیں ۔

پھل

یہ بہت اچھی غذا ہے ۔ ہمیشہ اچھے اور تازہ پھل کھانے چاہئیں یہ جسم کو طاقت ور بناتے ہیں ۔

اناج

ہماری سب سے اہم خوراک اناج ہے ۔ جسے ہم روزانہ کھاتے ہیں ۔

ان میں گیہوں ، چاول ، مکّی ، جوار ، باجرہ اور بہت سی دالیں مثلاً چنا ۔ ماش ، مونگ وغیرہ ہیں ۔

لباس

لباس پہننا بہت ضروری ہے ۔ یہ ہمیں سردی ، گرمی ، مٹی ، اور دھول سے بچاتا ہے ۔ ہمیشہ ایسا لباس پہننا چاہیے جو بدن کے مطابق ہو ، خوب صورت اور صاف ہو ۔ گرمیوں میں ہلکے کپڑے اور سردیوں میں گرم کپڑے پہننے سے ہماری صحت اچھی رہتی ہے ۔ اچھے بچے اپنے لباس کو ہمیشہ صاف ستھرا رکھتے ہیں ۔

***

سائنس

ان جانوروں کے جسم پر بال اور پَر ہیں :۔



ان جانوروں کے جسم پر صرف بال ہوتے ہیں، پَر نہیں ہوتے :۔

یہ پانی کے جانور ہیں ۔ ان کی کھال ننگی اور چھلکے بھی ہوتے ہیں :۔



پَروں والے جانور گھونسلوں اور کھڈوں میں رہتے ہیں ۔

مچھلی، مینڈک، کچھوا اور مگرمچھ پانی میں رہتے ہیں ۔

بندر درختوں پر رہتا ہے چوہیٹیاں



اور سانپ زمین کے اندر بل میں رہتے ہیں

شہد کی مکھیاں درختوں میں چھتہ بنا کر رہتی ہیں۔

شیر، چیتا، بھیڑیا، گیدڑ، ریچھ وغیرہ جنگل میں غاروں میں رہتے ہیں۔

پالتو جانور

یہ سب پالتو جانور ہیں،

طوطا، گھوڑا، گائے، بھینس، بھیڑ، بکری، کتا، بلی وغیرہ



جانوروں کی خوراک

چڑیا، کبوتر، مرغی وغیرہ دانہ کھاتے ہیں۔

گائے، بھینس، گھوڑا، بھیڑ، بکری، یہ دانہ گھاس، توڑی کھاتے ہیں۔

بلی، کتا، شیر، چیتا وغیرہ یہ گوشت کھاتے ہیں۔

چھپکلی دیمک، بھنگے کھاتی ہے۔ مگر مچھ مچھلیاں کھاتا ہے۔

ریچھ پھل اور شہد بھی کھاتا ہے۔ ہاتھی گنے بڑے شوق سے کھاتا ہے۔

سانپ کیڑے مکوڑے کھاتا ہے۔ چیل، کوے، گدھ گوشت کھاتے ہیں۔ یہ پھل اور سبزیاں نہیں کھاتے، طوطا پھل اور اناج کھاتا ہے۔ شہد کی مکھی پھولوں کا رس چوستی ہے۔

جانوروں کے فائدے

ان جانوروں کا ہم گوشت کھاتے ہیں۔

بھیڑ، بکری، اونٹ، گائے، بھینس، مرغی،

مچھلی، تیتر، بٹیر وغیرہ

اِن جانوروں کا ہم دودھ پیتے ہیں۔

گائے، بھینس، بھیڑ، بکری، اونٹنی وغیرہ۔

ہم مرغی سے انڈے حاصل کرتے ہیں۔ شہد کی مکھی ہمیں



شہد دیتی ہے ۔ ہم بھیڑ سے اون حاصل کرتے ہیں ، بیل کھیتی باڑی کے کام آتا ہے ۔ کتا چوکیداری کرتا ہے ۔ گھوڑا اور گدھا سواری کے کام آتا ہے اور سامان ڈھوتا ہے ۔

پودے

پودے کے تین حصے ہوتے ہیں :-

(1) پتے اور پھل

(2) تنا اور

(3) جڑ

بعض پودے پھل دیتے ہیں اور بعض پھول دیتے ہیں ۔



بعض پودوں کے تنے نرم اور کمزور ہوتے ہیں اور بعض کے تنے سخت اور مضبوط ، گنے کا تنا موٹا اور مضبوط ، گلاب کے پودے کا تنا نرم اور پتلا ہے ۔ بعض پودوں کی جڑیں بہت لمبی اور بعض پودوں کی چھوٹی ہوتی ہیں ۔ بعض پودوں کی جڑیں ہم کھاتے ہیں ۔ جیسے گاجر ، مولی ، پیاز ، لہسن ۔

بعض پودوں کے بیج بڑے اور چھوٹے بھی ہوتے ہیں ۔ ان کا رنگ بھی مختلف ہوتا ہے ۔ مٹر کے دانے ، بھٹے

کے دانے یہ پودے کے بیج ہی ہوتے ہیں - بادام کے بیج، خربوزے کے بیج اور تربوز کے بیج بھی ہم کھاتے ہیں - آم کا بیج اس کی گٹھلی، آڑو کے بیج ہم نہیں کھاتے، یہ کڑوے ہوتے ہیں -

پودوں کے فائدے

پودے بڑے کام کی چیز ہیں - ان کے کچھ پودوں کے بیج ہم کھاتے ہیں کچھ کے پتے، کچھ پودوں کی جڑیں اور کچھ پودوں کے پھل ہم کھاتے ہیں - ہم پالک کے پتے کھاتے ہیں - گائے، بکری، پیپل، شیشم اور گاجر مولی کے پتے کھاتی ہے -

پودوں کے پھل بھی ہوتے ہیں جیسے شہتوت، انگور، مالٹا، خربوزہ، آم، کیلا ہم انہیں کھاتے ہیں ہم کچھ پودوں کی جڑیں بھی کھاتے ہیں - جیسے پیاز، لہسن، مولی، گاجر، شلجم، چقندر، گنا -

گائے، بھینس، بکری، بھیڑ، اونٹ پودوں کے پتے کھاتے ہیں - یہ ان کی خوراک ہے - ان پودوں کے بیج بھی جانور کھاتے ہیں - جیسے باجرہ مرغی اور کبوتر کھاتے ہیں - چنے اور دالیں یہ بھی بیج ہیں، یہ بھی جانور کھاتے ہیں - پودوں سے درخت بنتے ہیں - ان سے لکڑی حاصل کرتے ہیں اور یہ لکڑی میز، کرسی اور مکان بنانے میں کام آتی ہے - اکثر لوگ لکڑیاں جلا کر ایندھن کا کام لیتے ہیں -

پانی اور مائع

پانی ہمارے بہت کام کی چیز ہے - اسے ہم پیتے ہیں اور کھانا پکاتے ہیں - پانی نہ ہو تو ہم زندہ نہیں رہ سکتے، پانی کا کوئی رنگ نہیں ہوتا، یہ ہر چیز میں چلا جاتا ہے - گلاس میں بھر لو - جگ میں بھر لو یا بوتل میں بھر لو - اگر کسی برتن میں چھید ہو تو گرنے لگتا ہے اور بہنے لگتا ہے - اسے مائع بھی کہتے ہیں - دودھ، پٹرول اور تیل بھی مائع ہے -

گیس اور ہوا

پانی سے گیس بنتی ہے - غبارہ میں جو ہوا ہوتی ہے وہ گیس ہوتی ہے - سائیکل کی ٹیوب میں بھی ہوا ہوتی ہے - پانی کو گرم کریں تو وہ ہوا بن کر اڑنے لگتا ہے - اسے بھاپ کہتے ہیں - ہوا سے ہم سانس لیتے ہیں - ہوا نہ ہو تو ہمارا دم گھٹ جائے اور ہم مر جائیں - سب جاندار ہوا سے سانس لیتے ہیں -

سوئی گیس کو ایندھن کے طور پر استعمال کرتے ہیں -

ٹھوس

جو چیز جگہ گھیرے اور وزن والی ہو اور سخت ہو،



وہ ٹھوس کہلاتی ہے ۔ لکڑی ، لوہا ، پتھر ، شیشہ یہ سب ٹھوس جسم رکھتی ہیں ۔

بوتل ، کتاب ، جگ ، میز کرسی یہ سب ٹھوس ہیں ۔

پانی ، ہوا ٹھوس نہیں ہے ۔ پانی ، مائع اور ہوا گیس کہلاتی ہے ۔

ٹھوس چیزیں ہلکی اور بھاری ہوتی ہیں ۔

لکڑی ہلکی ہوتی ہے ، پتھر ، لوہا اور شیشہ بھاری ہوتا ہے ۔

پھول ہلکا ہوتا ہے اور سیب اور تربوز بھاری ہوتا ہے ۔

غبارہ ہلکا ہوتا ہے اور فٹ بال اور گیند بھاری ہوتی ہے ۔

قوت

کسی چیز کو ہلانے اور سرکانے کے لیے ہم قوت لگاتے ہیں ۔ اگر ہم کرسی اٹھائیں ، صابن سے کپڑے دھوئیں جھولا جھلائیں تو ہم قوت لگائیں گے ۔

بعض چیزوں کو چلانے کے لیے ہم بھاپ اور گیس کی قوت لگاتے ہیں ۔ جیسے ریل گاڑی ۔

بعض چیزوں کو دھکیلنے اور چلانے کے لیے ہم جانوروں کی قوت لگاتے ہیں ۔ جیسے بیل گاڑی ، گھوڑا گاڑی اور بعض چیزوں کے لیے انسان خود اپنی قوت لگاتا ہے ۔ جیسے سائیکل چلانا ۔ گیند اچھالنا ، بیل گاڑی ، سائیکل سواری ۔

حرارت

ہم گرمی سے حرارت حاصل کرتے ہیں ۔ سورج ہمیں حرارت دیتا ہے ۔ لکڑی کی حرارت سے ہم کھانا پکاتے ہیں ۔ اسی طرح ہم تیل ، پیٹرول اور گیس سے حرارت حاصل کرتے ہیں ۔

سورج سے ہم حرارت کے علاوہ روشنی بھی حاصل کرتے ہیں ۔ ہم چھتری سے دھوپ کو روکتے ہیں پانی سے ہم آگ بجھا دیتے ہیں ۔ کوئلوں کو ہم ڈھانپ دیں تو وہ بجھ جاتے ہیں ۔ شیشہ روشنی کو نہیں روکتا ، لکڑی روشنی کو روک لیتی ہے ۔ روشنی کے آگے کھڑے ہو جاؤ تو جسم کے دوسری

طرف سایہ پڑتا ہے ۔ سورج کی روشنی میں صبح اور شام کے وقت سایہ لمبا ہو جاتا ہے ۔ دوپہر کو سایہ چھوٹا ہوتا ہے ۔ جیسی کوئی چیز ہو سایہ بھی اُسی چیز جیسا ہوتا ہے ۔ جیسے ہاتھ کا سایہ تم روشنی میں دیکھو تو ہاتھ بنا ہُوا ہوتا ہے ۔

سورج ۔ زمین ۔ چاند

سورج ، زمین ، چاند یہ سب گول ہیں ۔

چاند کی مختلف شکلیں ہوتی ہیں ۔ مثلاً عید کا چاند کمان کی طرح اور شب برات کا چاند گول ہوتا ہے ۔

صبح کو سورج ہمیشہ مشرق سے نکلتا ہے اور شام کو مغرب میں غروب ہوتا ہے ۔

دوپہر کو سورج ہمارے اُوپر ہوتا ہے ۔

موسم



ایک سال میں چار موسم ہوتے ہیں :۔

(1) سردی (2) بہار (3) گرمی (4) خزاں

سردی جاڑے کے موسم کو کہتے ہیں ، سردی کے بعد بہار کا موسم ہوتا ہے ۔ یہ موسم بہت اچھا ہوتا ہے ، نہ زیادہ سردی نہ زیادہ گرمی ' اس موسم میں پھول کھلتے ہیں ۔ بہار کے بعد گرمی کا موسم آتا ہے ۔ یہ موسم بہت گرم ہوتا ہے ۔ خوب پسینہ آتا ہے ، گرمی کے بعد خزاں آتی ہے ۔ اس موسم میں درختوں کے پتے جھڑ جاتے ہیں ۔ اس موسم میں نہ زیادہ گرمی ہوتی ہے اور نہ سردی ۔

حِساب

علامات جمع + تفریق − ضرب × تقسیم ÷

گنتی (لفظوں اور ہندسوں میں)

لفظ	ہندسہ	لفظ	ہندسہ	لفظ	ہندسہ	لفظ	ہندسہ
ایک	1	پندرہ	15	انتیس	29	تینتالیس	43
دو	2	سولہ	16	تیس	30	چوالیس	44
تین	3	سترہ	17	اکتیس	31	پینتالیس	45
چار	4	اٹھارہ	18	بتیس	32	چھیالیس	46
پانچ	5	انیس	19	تینتیس	33	سینتالیس	47
چھ	6	بیس	20	چونتیس	34	اڑتالیس	48
سات	7	اکیس	21	پینتیس	35	انچاس	49
آٹھ	8	بائیس	22	چھتیس	36	پچاس	50
نو	9	تیئیس	23	سینتیس	37	اکیاون	51
دس	10	چوبیس	24	اڑتیس	38	باون	52
گیارہ	11	پچیس	25	انتالیس	39	ترپن	53
بارہ	12	چھبیس	26	چالیس	40	چون	54
تیرہ	13	ستائیس	27	اکتالیس	41	پچپن	55
چودہ	14	اٹھائیس	28	بیالیس	42	چھپن	56

لفظ	ہندسہ	لفظ	ہندسہ	لفظ	ہندسہ
ستاون	57	تہتر	73	ستاسی	87
اٹھاون	58	چوہتر	74	اٹھاسی	88
انسٹھ	59	پچھتر	75	نواسی	89
ساٹھ	60	چھہتر	76	نوے	90
اکسٹھ	61	ستتر	77	اکیانوے	91
باسٹھ	62	اٹھتر	78	بانوے	92
ترسٹھ	63	اناسی	79	ترانوے	93
چونسٹھ	64	اسی	80	چورانوے	94
پینسٹھ	65	اکیاسی	81	پچانوے	95
چھیاسٹھ	66	بیاسی	82	چھیانوے	96
سڑسٹھ	67	تراسی	83	ستانوے	97
اڑسٹھ	68	چوراسی	84	اٹھانوے	98
انہتر	69	پچاسی	85	ننانوے	99
ستر	70	چھیاسی	86	سو	100
اکہتر	71				
بہتر	72				

مشق نمبر 1 (گنتی)

1. ہندسوں میں لکھو :-

دو ، تین ، نو ، بارہ

2. لفظوں میں لکھو:-

4 ، 7 ، 10 ، 15

3. ہفتے کے کتنے دِن ہوتے ہیں ؟

4. تمہارے پاس دس روپے تھے۔ تم نے 2 روپے کی کتابیں خریدیں، ایک روپے کی مٹھائی خریدی، باقی کتنے روپے بچے ؟

5. سامنے کتنی چڑیاں ہیں ؟

6. سامنے دیوار پر کتنے کبوتر بیٹھے ہیں ؟ 

دوسری دیوار پر کتنے کبوتر بیٹھے ہیں ؟

دونوں دیواروں پر کل کتنے کبوتر ہیں ؟

7. اسلم کے پاس چھ آم تھے، زاہد کے پاس چار آم تھے ، کل کتنے آم ہُوئے ؟

8. آج تم نے 15 سوال نکالنے تھے، تم نے سات سوال حل کر لیے، کتنے سوال باقی بچے ؟ گِن کر بتاؤ۔

9. آج اتوار کی چھٹی ہے، کتنے دن بعد جمعہ آئے گا ؟

10. اقبال کے پاس 3 لڈو ●●● تھے، کمال کے پاس ●●●● پانچ اور ●●●●●●●●● جمال کے پاس 9 ، کل کتنے لڈو ہوئے ؟

مشق نمبر 2

1. ہندسوں میں لکھیے :-

ننانوے ——— ستر ——— تہتّر ———

اڑتالیس ——— اُنچاس ——— ترپن ———

انہتّر ——— سڑسٹھ ——— انسٹھ ———

نواسی ——— سترہ ——— چوّن ———

ترانوے ——— بیاسی ——— ساٹھ ———

2. 23 میں کتنی اکائیاں اور کتنی دہائیاں ہیں ؛

53 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 ؟

69 〃 〃 دہائیاں ہیں ؟

3. 58 میں پانچ کیا ظاہر کرتا ہے ؛

69 میں نو سے کیا ظاہر ہوتا ہے ؛

4. اگر ایک رقم میں دہائی کا ہندسہ چھ ہے اور اکائی کا ہندسہ نو تو عدد بتاؤ ؛

5. 6 سے لے کر 100 تک ایسے تمام اعداد لکھیں جن میں اکائی کا ہندسہ 3 ہی ہو۔

6. 31 سے پچاس تک ایسے اعداد لکھیں جن

مشق نمبر 6

جمع کرو:-

1. 9009+6721+413+9065

2. 314+1001+9781+2143

3. 443+91+19+5+4979

4. 13+3333+333+33

5. نیچے نقشہ دیکھ کر فاصلہ بتائیے۔



5. حافظ آباد سے شیخوپورہ کے راستے لاہور کتنے کلومیٹر ہوگا۔

6. شیخوپورہ سے گوجرانوالہ کے راستے حافظ آباد کا فاصلہ بتائیے۔

7. لاہور سے گوجرانوالہ کے راستے حافظ آباد کا کتنا فاصلہ ہوگا؟

8. لاہور سے گوجرانوالہ کے راستے شیخوپورہ کا فاصلہ بتائیے۔

9. حمید نے ایک مکان 5790 روپے کا خرید کر اس کی مرمت پر 639 روپے خرچ کیے، کل خرچ معلوم کریں۔

10. آصف نے ایک گائے 2629 روپے کو خریدی اور 181 روپے نفع لے کر بشیر کے ہاتھ فروخت کر دی، بشیر کتنی رقم دیگا۔

11. ایک پرائمری سکول کی پہلی جماعت میں 149 اور دوسری میں 87 اور تیسری جماعت میں 65 لڑکے تھے، لڑکوں کی کل تعداد بتائیے؛

12. ایک زمیندار کے پہلے کھیت سے 4129 کلوگرام گندم دوسرے سے 9630 کلوگرام تیسرے سے 590 کلوگرام اور چوتھے کھیت سے 135 کلوگرام گندم پیدا ہوئی، کل گندم کا وزن معلوم کریں۔

13. اسلم نے ایک کاروبار میں 5926 روپے اور حمید نے 199 روپے، عبداللہ نے 1161 روپے اور عامر نے 2225 روپے لگائے۔ کل سرمایہ معلوم کریں۔

14. ایک بھینس کی قیمت 3239 روپے اور گائے کی قیمت 2639 روپے، بکری کی قیمت 789 روپے اور بھیڑ کی قیمت 543 روپے ہو تو سب جانوروں کی کل قیمت کتنی ہوگی؛

15. ایک شہر میں 5621 آدمی اور 4573 عورتیں اور 2222 لڑکے اور 979

لڑکیاں ہیں۔ کل آبادی معلوم کرو۔

16. ایک ڈاک خانے میں ایک دن 5211 پوسٹ کارڈ، دوسرے دن 6826 پوسٹ کارڈ اور تیسرے دن 4939 پوسٹ کارڈ فروخت ہوئے۔ بتاؤ تین دن میں کل کتنے پوسٹ کارڈ فروخت ہوئے؟

***

تفریق

تفریق کی علامت ⊖

مشق نمبر 7

59 .1	68 .2	33 .11	24 .12
38	47	12	13
77 .3	86 .4	181 .13	117 .14
43	53	92	98
95 .5	85 .6	145 .15	197 .16
43	54	89	88
73 .7	62 .8	176 .17	177 .18
42	31	98	88
51 .9	42 .10	172 .19	156 .20
30	11	94	77
		148 .21	978 .22
		79	879
		456 .23	800 .24
		378	114
		502 .25	1000 .26
		478	421
		2105 .27	1008 .28
		1050	909
		1300 .29	8888 .30
		1204	999

مشق نمبر 8

1. 1602 - 2752
2. 999 - 9781
3. 1759 - 2456
4. 5305 - 6403
5. 689 - 706
6. 589 - 1257
7. 401 - 4010
8. 34 - 8501
9. 510 - 1501
10. 105 - 1150
11. 2437 سے 4560 کتنا بڑا ہے؟
12. 4339 ، 2413 کتنا چھوٹا ہے؟
13. 2101 اور 899 کا فرق معلوم کریں۔
14. 1331 میں کیا جمع کریں کہ 2000 ہو جائے؟
15. ایک گڈریے کے پاس 516 بکریاں تھیں۔ کتنی بکریاں اور خریدے کہ 600 بکریاں ہو جائیں۔
16. اسلم نے ایک مکان 4983 روپے میں خریدا اور دوسرا مکان اس سے 532 روپے کم میں خریدا۔ دوسرے مکان کی قیمت کیا تھی؟
17. ایک شخص کی سالانہ آمدنی 9781 روپے ہے۔ اگر اس کا سالانہ خرچ 6894 روپے ہو تو اس کی بچت معلوم کرو۔
18. ایک لڑکے نو ہزار پانچ کا عدد ہندسوں میں اس طرح لکھا 9500 بتاؤ اس نے کتنا زیادہ لکھ دیا۔
19. بتاؤ 1001 میں پہلے ایک اور آخر کے ایک کی مقامی لحاظ سے قیمتوں میں کیا فرق ہے؟
20. دو عددوں میں بڑا عدد 9387 ہے اور دونوں کا فرق 2435 ہے۔ چھوٹا عدد بتاؤ۔
21. دو عددوں کی حاصل جمع 9750 ہے اگر چھوٹا عدد 689 ہو تو بڑا عدد معلوم کرو۔
22. اسلم نے ایک دکاندار سے 510 آم اور دوسرے دکاندار سے 330 آم خرید کر 412 آم بیچ دیئے۔ اب اس کے پاس کتنے آم ہیں؟
23. میری تنخواہ 4950 روپے ہے۔ اگر مکانوں کا کرایہ 228 روپے وصول ہو اور میں نے 570 روپے کی گندم خرید لی ہو تو اب میرے پاس کتنے روپے بچے ہوں گے۔

24. ایک آدمی نے ایک گھوڑا 3475 روپے میں خریدا اور اتنے ہی میں ایک بھینس خریدی، اگر پہلے سے اس کے پاس 7000 روپے ہوتے تو بتاؤ اب اس کے پاس کتنی رقم جمع ہو گئی ہو گی؛

25. حل کرو: 24 + 78 - 13

+ 191 - 226

26. حل کرو: 517 - 200 + 513

- 41 + 826

27. جمال نے 2941 روپے میں دکان فروخت کی۔ اگر اس نے اپنا مکان 9772 روپے میں فروخت کیا ہو تو بتاؤ دکان کی قیمت کتنے روپے کم وصول ہوئی؛

28. ایک شخص نے تین مکان 1545 روپے 895 اور 2075 روپے کو خرید کر 3180 روپے ادا کر دیے، بتاؤ اب اس نے باقی اور کتنے روپے دینے ہیں؛

29. دو رقمیں مل کر 9632 روپے ہو جاتی ہیں۔ اگر ایک رقم 4698 روپے ہو تو دوسری رقم کتنی تھی؛

30. 15926 میں کیا جمع کریں کہ 20,000 ہو جائیں؛

✻✻

مشق نمبر 9

جمع اور تفریق کے متفرق سوالات

1. اگر میرے پاس 218 روپے ہوں تو بتاؤ ایک ہزار روپیہ جمع کرنے کے لیے مجھے اور کتنے روپے چاہئیں؛

2. دو عددوں کا فرق 413 ہے۔ اگر چھوٹا عدد 526 ہو تو بڑا عدد کیا ہو گا؛

3. اکبر کے پاس 812 کلوگرام گندم تھی۔ اُس نے منڈی سے 925 کلوگرام اور خرید کر 705 کلوگرام بیچ دی۔ اب اس کے پاس کتنی گندم باقی ہے؛

4. لاہور میں 5292 رکشے اور 4690 ٹانگے ہیں۔ اگر موٹریں 636 ہوں تو کل تعداد کیا ہو گی؛

5. 625 روپے سے اسلم نے 212 روپے خرچ کر دیے۔ اُسے ایک مکان کا 240 روپے کرایہ ملا۔ اب اس کے پاس کتنی رقم ہو گی؛

6. ایک آدمی نے ہر دکان سے 220 بوری چاول خریدے۔ اگر دکانوں کی تعداد 5 ہو تو کل کتنے بوری چاول تھے؛

7. اِن خانوں میں خالی جگہ اس طرح پُر کرو، کہ ہر طرف سے جمع کرنے 18 حاصل جمع ہو۔

6		4
	6	
8		6

8. ایک شخص نے دو گائیں 4280 روپے میں خرید کر ہر ایک پر 290 روپے نفع لیا۔ اب اس کے پاس کِتنے روپے ہو جائیں گے؟

9. 352 + 785 + 987 میں کیا جمع کریں تاکہ حاصل جمع 2232 ہو۔

10. حل کرو:- 428 + 344 + 593 + 1291 +

11. زید کو بکر کے 75 روپے دینے ہیں۔ عمر سے 64 روپے لینے ہیں۔ حامد کے 14 روپے دینے ہیں اور خالد سے 46 روپے لینے ہیں۔ بتاؤ زید کے پاس کیا بچے گا؟

12. ایک گڈریے کے پاس 456 بھیڑیں ہیں۔ اگر وہ 312 بیچ دے اور 915 بھیڑیں اور خرید لے، تو اب اُس کے پاس کِتنی بھیڑیں ہو جائیں گی؟

13. ایک آدمی نے اپنی بیوی کیلئے 9875 روپے اور دو لڑکوں میں سے ایک کیلئے 8765 روپے اور لڑکی کے لیے 5220 روپے چھوڑے۔ بتاؤ اس کی کل جائیداد کتنی تھی؟

14. خاور نے 9807 روپے کو 9087 لِکھ دیا۔ بتاؤ اس نے کِتنے روپے کم لِکھے۔

15. ایک آدمی کو 100 روپے تنخواہ ملی، اس نے 36 روپے کا آٹا، 10 روپے کی لکڑی اور 16 روپے کا گھی خریدا، بتاؤ جب وہ 15 روپے مکان کا کرایہ بھی ادا کر دے گا تو اُس کے پاس کِتنی رقم بچ جائیگی؟

دس تک پہاڑے

10	9	8	7	6	5	4	3	2	1
20	18	16	14	12	10	8	6	4	2
30	27	24	21	18	15	12	9	6	3
40	36	32	28	24	20	16	12	8	4
50	45	40	35	30	25	20	15	10	5
60	54	48	42	36	30	24	18	12	6
70	63	56	49	42	35	28	21	14	7
80	72	64	56	48	40	32	24	16	8
90	81	72	63	54	45	36	27	18	9
100	90	80	70	60	50	40	30	20	10

ضرب ⊗

یک عدد کو بار بار جمع کر کے یا پہاڑے کی مدد سے حل کیا جا سکتا ہے - مثلاً 7 کو 4 دفعہ لکھ کر جمع کرو -

حل : 7 7 7 7 یا 7 × 4 = 28

سات کا پہاڑہ چار تک پڑھو

6 کو 6 دفعہ لکھ کر جمع کر دیا چھ کا پہاڑہ چھ تک پڑھو -

حل : 6 6 6 6 6 6 یا 6 × 6 = 36

6 کا پہاڑہ 6 تک پڑھنے سے

پہاڑوں کی مدد سے ضرب کا سوال جلدی حل ہو جاتا ہے -

میں نے اکبر کو 5·5 روپے کے 5 نوٹ دیئے - بتاؤ اکبر کو میں نے کتنے روپے دیئے -

حل : 5 5 5 5 5 یا 5 × 5 = 25

پانچ کا پہاڑہ پانچ تک پڑھو

ایک گٹھے میں 72 قلمیں ہیں، 9 گٹھوں میں کتنی قلمیں ہوں گی ؛

حل : ایک گٹھے میں قلمیں = 72

9 گٹھوں " " = 72 × 9

72
9×
648 قلمیں جواب

مشق نمبر 10

پہاڑے کی مدد سے بتاؤ :-

1. پندرہ لڑکوں کے کتنے ہاتھ ہوتے ہیں ؛
2. پانچ لڑکوں کے کتنے کان ہوتے ہیں ؛
3. پانچ پانچ روپے والے تین نوٹوں میں کتنے روپے ہیں ؛
4. ایک تکون کے تین ضلعے ہوتے ہیں، 4 تکونوں کے کتنے ضلعے ہوں گے ؛
5. تین چارپائیوں کے کتنے پائے ہوتے ہیں ؛
6. اگر ایک قطار میں 6 درخت ہوں، تو 8 قطاروں میں کتنے درخت ہوں گے ؛
7. ایک ہفتہ کے سات دن ہوتے ہیں - چار ہفتوں کے دن بتاؤ -
8. ایک مزدور کو 7 روپے روزانہ ملتے ہیں - ایک ہفتہ کی مزدوری کتنی ہوگی ؛
9. ایک درجن کیلے 8 روپے میں ملتے ہیں، 5 درجن کیلوں کی قیمت بتاؤ ؛

10. ایک پوسٹ کارڈ 10 پیسے میں آتا ہے، 9 پوسٹ کارڈ کتنے میں آئیں گے؛

11. ایک تھیلے میں 3 کلوگرام کھانڈ آتی ہے، تو 25 تھیلوں میں کتنی کھانڈ آئے گی؛

12. ایک مزدور روزانہ 8 روپے روز کماتا ہے ایک مہینہ 5 دن میں کتنا کمائے گا؛

مشق نمبر 11

ضرب دو:-

1. 32 × 2
2. 43 × 3
3. 51 × 9
4. 63 × 3
5. 72 × 4
6. 93 × 3
7. 52 × 4
8. 94 × 2
9. 333 × 4
10. 292 × 5
11. 929 × 5
12. 840 × 7
13. 8450 × 8
14. 9832 × 7

مشق نمبر 12

1. 413 × 12
2. 904 × 19
3. 313 × 13
4. 829 × 20
5. 6241 × 14
6. 7823 × 15
7. 4328 × 17
8. 8976 × 11
9. 5988 × 10
10. 4218 × 40
11. 5927 × 23
12. 6843 × 87
13. 6989 × 32
14. 6033 × 84
15. 7833 × 41
16. 4093 × 58

مشق نمبر 13

مسلسل ضرب:

1. 2×2×24
2. 3×2×36
3. 4×3×2×45
4. 2×4×3×56

5. 4 × 5 × 3 × 78

6. 6 × 3 × 4 × 124

7. 2 × 5 × 4 × 135

8. 7 × 6 × 3 × 312

9. 8 × 7 × 4 × 247

10. 4 × 6 × 3 × 375

11. 4 × 3 × 8 × 317

12. 9 × 7 × 3 × 1284

13. ایک مدرسہ میں 822 لڑکے پڑھتے ہیں۔ ہر ایک لڑکے کے پاس پانچ پانچ کاپیاں ہیں اور ہر کاپی کے 16 ورق ہیں، کل ورق بتائیے۔

14. اگر ایک لاری میں 42 سیٹیں ہوں اور ہر سیٹ پر پانچ آدمی بیٹھ سکتے ہوں تو بتاؤ 64 لاریوں میں کل کتنے آدمی ہیں؟

15. ایک درجن میں 12 ڈبیاں ہوتی ہیں۔ اگر ہر ایک ڈبی میں 56 تیلیاں ہوں تو بتاؤ 5 درجن ڈبیوں میں کتنی تیلیاں ہوں گی؟

16. ایک تھیلے میں 25 کلوگرام گندم آتی۔ ایک کمرہ میں 24 تھیلے ہوں تو بتایئے پانچ کمروں میں کتنے کلوگرام گندم ہوگی؟

***

اجزائے ضربی:

بچو! 2 × 2 × 2 کا مطلب ہے = 8

یا 4 × 2 کا مطلب ہے = 8

اسی طرح اگر ہم 12 کے اجزائے ضربی بتاتے ہیں۔

12 = 2 × 6

یا 12 = 3 × 4

مشق نمبر 14

ان کے 2 اجزائے ضربی بناؤ:-

1. 16	2. 18	3. 24	
4. 28	5. 32	6. 48	
7. 50	8. 64	9. 80	
10. 84	11. 96	12. 90	
13. 72	14. 100		

نوٹ: اگر کسی رقم کو 10 سے ضرب دینی ہے تو رقم کے دائیں طرف ایک صفر بڑھا دو جیسے 44 × 10 = 440

اگر کسی رقم کو 20 سے ضرب دینی ہے تو 2 سے ضرب دے کر رقم کے دائیں طرف ایک صفر بڑھا دو۔

اسی طرح 30، 40، 50 وغیرہ سے ضرب دی جا سکتی ہے۔ سو سے ضرب دینے کے لیے رقم کے دائیں طرف دو صفر بڑھا دیتے ہیں۔

مشق نمبر 15

عبارتی سوالات

1. دریائے راوی کے پل سے ہر روز 270 بسیں گزرتی ہیں اور ہر بس میں 56 سواریاں ہوتی ہیں تو بتاؤ روزانہ کتنے آدمی بسوں کے ذریعہ پل سے گزرتے ہیں ؛
2. ایک مدرسہ میں 26 بنچ ہیں اور ہر بنچ پر 8 لڑکے بیٹھے ہیں تو بتاؤ اس مدرسہ میں کل کتنے طالب علم پڑھتے ہیں ؛
3. ایک ریل گاڑی ہر روز 560 کلومیٹر سفر کرتی ہے ۔ بتاؤ 36 دن میں کتنا سفر کریگی ؛
4. 15 اور 105 کے فرق کو ان کی حاصل جمع سے ضرب دو ۔
5. ایک سوداگر نے 425 گھوڑے خریدے اگر ہر گھوڑے کی قیمت 2425 روپے ہو تو بتاؤ سوداگر کو کتنی رقم ادا کرنا پڑے گی ؛
6. ایک باغ میں امرود کے 408 درخت ہیں ۔ اگر ہر درخت سے 243 امرود حاصل ہوں تو باغ میں کل کتنے امرود ہونگے ؛
7. 425 × 25 کتنا بڑا یا کم ہے 256 × 56 سے ؛
8. ایک دستہ میں 24 کاغذ ہوتے ہیں اور ایک رم میں 20 دستے ، بتاؤ 24 رم میں کتنے کاغذ ہوں گے ؛
9. ایک دن میں 24 گھنٹے ہوتے ہیں اور ہر گھنٹے میں 60 منٹ ہوتے ہیں تو بتاؤ ایک ہفتہ میں کتنے منٹ ہوں گے ؛
10. ایک تھیلے میں 318 کلوگرام چاول آتے ہیں ۔ 32 تھیلوں میں کتنے چاول آئینگے ؟

***

تقسیم ÷

مشق نمبر 16

1. 6 گولیاں تین لڑکوں میں برابر تقسیم کرو ۔
2. 25 کتابیں 5 لڑکوں میں برابر برابر تقسیم کرو ۔
3. 96 دواتوں میں چار چار دواتیں کتنی دفعہ شامل ہیں ؛
4. 125 روپوں میں پانچ پانچ روپے والے کتنے نوٹ ہوں گے ؛
5. 180 روپے میں 10 ، 10 روپے والے کتنے نوٹ ہوتے ہیں ؛
6. 360 میں سے 6 ، 6 بار بار گھٹاؤ ، تو اس طرح کتنی بار گھٹانا پڑتا ہے ؛
7. 24 میں سے 3 بار بار گھٹاؤ ۔ بتاؤ کتنی بار گھٹانا پڑے گا ؛

8. 4 ÷ 124
9. 8 ÷ 264
10. 7 ÷ 490
11. 5 ÷ 515
12. 16 ÷ 256
13. 15 ÷ 675

مشق نمبر 17

تقسیم کرو:-

1. 2 | 18
2. 3 | 15
3. 2 | 24
4. 3 | 24
5. 4 | 24
6. 6 | 24
7. 3 | 21
8. 3 | 27
9. 5 | 45
10. 9 | 45
11. 9 | 81
12. 8 | 72
13. 7 | 56
14. 8 | 64
15. 9 | 63
16. 2 | 19
17. 2 | 27
18. 3 | 37
19. 4 | 29
20. 4 | 45
21. 3 | 88
22. 3 | 96
23. 4 | 54
24. 3 | 130
25. 9 | 140
26. 10 | 411
27. 5 | 314
28. 10 | 289
29. 7 | 483
30. 6 | 229
31. 8 | 4225
32. 8 | 4839

مشق نمبر 18

1. 4 ÷ 1872
2. 7 ÷ 1855
3. 8 ÷ 3744
4. 5 ÷ 1385
5. 6 ÷ 2562
6. 8 ÷ 6296
7. 6 ÷ 5988
8. 9 ÷ 1242
9. 12 ÷ 7824
10. 11 ÷ 6864
11. 13 ÷ 3588
12. 14 ÷ 3276
13. 9 ÷ 7407
14. 13 ÷ 8931
15. 12 ÷ 9876
16. 9 ÷ 8757
17. 15 ÷ 4875
18. 11 ÷ 6402
19. 11 ÷ 8338
20. 12 ÷ 8496
21. 14 ÷ 7434
22. 15 ÷ 8090
23. 16 ÷ 7856
24. 11 ÷ 5823
25. 13 ÷ 3457
26. 15 ÷ 2345
27. 14 ÷ 8573
28. 15 ÷ 9087
29. 12 ÷ 7582
30. 11 ÷ 5432

مشق نمبر 19

عبارتی سوالات

1. ایک آدمی نے 8 میٹر لٹھا 96 روپے میں خریدا۔ ایک میٹر کی قیمت بتائیں۔
2. 13 کلوگرام گندم کی قیمت 39 روپے ہو تو ایک کلوگرام گندم کی قیمت بتائیں۔

3. کس عدد کو 13 سے ضرب دیں کہ حاصل ضرب 5616 حاصل ہو۔

4. ایک کتب فروش نے 15 دن میں 1695 روپے کی کتابیں فروخت کیں۔ اگر ہر روز ایک مقررہ تعداد میں ہی بیچتا رہا ہو تو بتاؤ ہر روز اس نے کتنی رقم کی کتابیں بیچیں؟

5. ایک شخص نے 14 بھیڑیں 2968 روپے میں خریدیں۔ ایک بھیڑ کی قیمت بتائیں؟

6. ایک تھان میں 46 میٹر ململ تھی۔ بتاؤ 3، 3 میٹر کے کتنے دوپٹے تیار ہونگے، اور باقی کتنے میٹر ململ بچے گی؟

7. کس عدد کو 9 سے ضرب دیں کہ حاصل ضرب 9792 حاصل ہو۔

8. 9373 میں سے 13 کتنی دفعہ نکال سکتے ہیں؟

9. کتنے کتنے اخروٹ 11 دفعہ جمع کیے جائیں تاکہ ہمارے پاس 1089 اخروٹ ہو جائیں؟

10. اگر 17989 میں سے 38 کو 24 دفعہ نکالیں تو باقی کیا بچے گا؟

11. ایک تھیلی میں 9855 روپے ہوں تو بتاؤ کتنے لڑکے ہوں، تاکہ ہر ایک کے حصہ میں 15 روپے آئیں؟

12. اگر 4080 لڑکوں کو 16 قطاروں میں کھڑا کیا جائے تو ہر قطار میں کتنے لڑکے ہوں گے؟

13. 8085 آموں میں سے 7 آم کتنی دفعہ نکالے جا سکتے ہیں؟

14. اگر ایک کمپنی میں 5 آدمی کام کرتے ہوں تو ایسی کتنی کمپنیاں ہوں گی۔ جب کہ آدمیوں کی تعداد 225 ہو۔

15. دو عددوں کا حاصل ضرب 9253 ہے اگر چھوٹا عدد 19 ہو تو بڑا عدد بتائیں۔

***

اعشاری نظام

لمبائی کے لیے

میٹر

10 ملی میٹر	=	ایک سنٹی میٹر
10 سنٹی میٹر	=	ایک ڈیسی میٹر
10 ڈیسی میٹر	=	ایک میٹر
10 میٹر	=	ایک ڈیکا میٹر
10 ڈیکا میٹر	=	ایک ہیکٹو میٹر
10 ہیکٹو میٹر	=	ایک کلو میٹر

وزن کے لیے گرام

10 ملی گرام = ایک سنٹی گرام
10 سنٹی گرام = ایک ڈیسی گرام
10 ڈیسی گرام = ایک گرام
10 گرام = ایک ڈیکا گرام
10 ڈیکا گرام = ایک ہیکٹو گرام
10 ہیکٹو گرام = ایک کلو گرام

دودھ جیسی چیزوں کیلیے لِٹر

10 ملی لِٹر = ایک سنٹی لِٹر
10 سنٹی لِٹر = ایک ڈیسی لِٹر
10 ڈیسی لِٹر = ایک لِٹر
10 لِٹر = ایک ڈیکا لِٹر
10 ڈیکا لِٹر = ایک ہیکٹو لِٹر
10 ہیکٹو لِٹر = ایک کلو لِٹر

اب یاد کرو:-

ملی، ڈیسی {میٹر / گرام / لِٹر} ڈیکا، ہیکٹو، کلو

سیٹ

ایک جیسی چیزوں کو اکٹھا کرنے کا نام سیٹ ہے۔

مثلاً چائے کا سیٹ، پانی کا سیٹ

صوفہ سیٹ

ذیل میں دی گئی چیزوں کے تین سیٹ علیٰحدہ علیٰحدہ بناؤ اور سیٹ کے ممبران کی تعداد بھی لکھو۔

جیسے قلم - بکری - کبوتر - دوات - گائے۔

کوّا - کتاب - چڑیا - بھینس - طوطا -

دودھ دینے والے جانوروں کا سیٹ :-

بکری، گائے، بھینس (3)

پڑھنے والی چیزوں کا سیٹ :-

قلم، دوات، کتاب (3)

پرندوں کا سیٹ :-

کبوتر، کوّا، چڑیا، طوطا (4)

جمع خاصیت مبادلہ

1. $7 = \begin{cases} 4 = ●●●● \\ 3 = ●●● \end{cases}$

$7 = \begin{cases} 3 = ●●● \\ 4 = ●●●● \end{cases}$

2. $8 = \begin{cases} 5 = ☒☒☒☒☒ \\ 3 = ☒☒☒ \end{cases}$

$8 = \begin{cases} 3 = ☒☒☒ \\ 5 = ☒☒☒☒☒ \end{cases}$

جیومیٹری

اِن شکلوں کے نام یاد کریں :-



بند اور کھلی اشکال کی پہچان کیجیے :-



اعشاری نظام کی جمع

جمع کرو :-

3	2	1
4	5	6
1	0	2
8	7	9

سینکڑہ	دہائی	اکائی
3	2	1
4	5	6
1	0	2
8	7	9

جس طرح 10 اکائیوں کی ایک دہائی ہوتی ہے اور 10 دہائیوں کا ایک سینکڑہ ہوتا ہے، اسی طرح 10 سنٹی میٹروں کا ایک ڈیسی میٹر اور 10 ڈیسی میٹروں کا ایک میٹر ہوتا ہے۔

سنٹی میٹر	ڈیسی میٹر	میٹر
4	2	3
6	5	4
2	0	1
2	7	8

یاد رکھو 10 سینکڑوں کا ایک ہزار اور دس ہزار کا ایک دہ ہزار ہوتا ہے۔ اعشاری نظام کا بالکل وہی طریقہ۔ یہ معمولی سا غور کرنے پر سمجھ میں آجائے گا۔ جہاں کوئی ہندسہ حاصل ہو اسے دوسری قطار میں جمع کر دو۔ جیسے اوپر دکھایا گیا ہے۔

مشق نمبر 20

1- ملی میٹر۔ سنٹی میٹر۔ ڈیسی میٹر

3 - 4 - 5

2 - 1 - 3

4 - 2 - 1

2. سنٹی میٹر۔ ڈیسی میٹر۔ میٹر

5 - 3 - 4

3 - 4 - 5

2 - 4 - 3

3. ملی لٹر۔ سنٹی لٹر۔ ڈیسی لٹر

5 - 1 - 8

3 - 4 - 3

2 - 1 - 5

4. سنٹی گرام۔ ڈیسی گرام۔ گرام

3 - 4 - 6

2 - 4 - 5

4 - 3 - 2

5. سنٹی میٹر۔ڈیسی میٹر۔ میٹر

4 2 3

1 3 2

3 5 4

7. گرام۔ ڈیکاگرام۔ہیکٹوگرام

3 - 3 - 3

2 - 1 - 4

4 - 3 - 2

9. ڈیکالٹر۔ہیکٹولٹر۔کلولٹر

2 - 5 - 7

6 - 3 - 4

8 - 1 - 9

مشق نمبر 21

اعشاری نظام کی تفریق :-

جس طرح سادہ جمع کی طرح اعشاری نظام کی جمع کی تھی، اسی طرح سادہ تفریق کی طرح اعشاری نظام کی تفریق ہو گی۔ ضرورت پر بائیں طرف ایک شامل کریں جس طرح دہائی میں سے ضرورت پر 10 لیتے ہیں۔ یہ طریقہ بھی اسی طرح ہے۔

1. سنٹی میٹر۔ڈیسی میٹر۔ میٹر

4 - 3 - 5

2 - 2 - 3

2. ڈیسی لٹر۔ لٹر۔ڈیکالٹر

5 - 6 - 3

3 - 3 - 2

3. ڈیکامیٹر۔ہیکٹومیٹر۔کلومیٹر

4 - 5 - 8

3 - 4 - 3

5. ڈیکالٹر۔ہیکٹولٹر۔کلولٹر

6 - 8 - 2

3 - 3 - 3

7. سنٹی گرام۔ڈیسی گرام۔گرام

8 - 5 - 6

3 - 4 - 7

9. ڈیسی میٹر۔ میٹر۔ڈیکامیٹر

8 - 7 - 3

4 - 5 - 9

4. سنٹی گرام۔ڈیسی گرام۔گرام

4 - 8 - 6

2 - 4 - 5

6. سنٹی میٹر۔ ڈیسی میٹر۔میٹر

6 - 6 - 4

2 - 4 - 8

8. ڈیسی لٹر۔ لٹر۔ڈیکالٹر

6 - 7 - 9

4 - 7 - 8

10. ڈیکالٹر۔ہیکٹولٹر۔کلولٹر

9 - 6 - 2

7 - 1 - 5

10. ڈیکاگرام۔ہیکٹوگرام۔کلوگرام

9 - 5 - 6

4 - 3 - 2

2 - 1 - 5

پرچہ جات

پرچہ نمبر 1

1. جمع کرو:- 526 + 213 + 327

412 +

2. 4526 کو 3 سے ضرب دو۔

3. 8412 کو 6 پر تقسیم کرو۔

4. 5 ترکاریوں کے ناموں کا سیٹ لکھو۔

گوشت

***

پرچہ نمبر 2

1. حل کرو :-

5618+729+4181-266-322

2. تقسیم کرو

3	7 6 5
5	

3. 6532 کو 728 سے ضرب دو۔

4. میرے پاس کچھ روپے تھے، مَیں نے ایک لڑکے کو 422 روپے، دوسرے کو 347 روپے، تیسرے کو 275 اور چوتھے کو 225 روپے دیئے، بتاؤ میرے پاس کل کتنے روپے تھے؟

پرچہ نمبر 3

1. دو عددوں کا حاصل ضرب 615 ہے۔ اُن میں سے ایک عدد 15 ہے۔ دوسرا عدد معلوم کرو۔

2. مَیں نے 6 گائیں 225 روپے فی گائے کے حساب سے خریدیں اور ہر گائے 250 روپے میں فروخت کی۔ بتاؤ کتنا نفع ہُوا؟

3. 1920 میں کیا جمع کریں کہ 3000 ہو جائے۔

4. کھُلی اور بند شکلیں کون سی ہیں؟ ان کے نمبر لکھو۔

(1) (2) (3)

(4) (5) (6)

پرچہ نمبر 4

1. میرے پاس 282 لڈو تھے، مَیں نے ہر لڑکے کو 6 لڈو دیئے، لڑکوں کی تعداد بتاؤ؟

2. تفریق کے اس سوال کا جواب غلط ہے درست کرو۔

8 7 6 8	
2 9 2 3	
6 9 4 5	

3. ایک لڑکے نے نو ہزار پانچ سو چھ کو 95006 لکھا۔ اس نے کتنا زیادہ لکھ دیا؟

4. گندم، مکئی، چاول، شربت، لکڑی، باجرہ، کاپی میں سے ایک جیسی چیزیں تلاش کر کے سیٹ بنا کر اس کے گرد دائرہ لگاؤ۔

پرچہ نمبر 5

1. ان شکلوں کے نام لکھو۔

(1) (2) (3)

2. سایہ دار حصّہ کل تصویر کا کون سا حصّہ ہے؟

(1) (2) (3)

3. تقسیم کرو:-

2	59632
4	

4. حمید نے 499 کو 18 سے ضرب دے کر 3977 تفریق کرنا تھا۔ اس نے جواب 5905 لکھ دیا۔ بتاؤ اس نے جواب درست لکھا یا غلط۔ صحیح جواب لکھو۔

***

****

جوابات

***

مشق نمبر 1

1. 2، 3، 9، 12
2. چار، سات، دس، پندرہ
3. 7 دن 4. 7 روپے 5. چار
6. پہلی میں 6 کبوتر، دوسری میں 5 کبوتر کل 11 کبوتر 7. 10 آم 8. 8 سوال
9. 4 دن بعد 10. 17 لڈو

مشق نمبر 2

1. ہندسوں میں 99، 70، 73، 48، 49، 53، 69، 67، 59، 89، 17، 54، 93، 82، 8
2. 3 اکائیاں، 2 دہائیاں - 3 اکائیاں، 5 دہائیاں
3. 6 دہائیاں 4. 5 دہائیاں = 50، 9 اکائیاں 69
5. 6، 16، 26، 36، 46، 56
6. 50، 51، 52، 66، 76، 86، 96
53، 54، 55، 56، 57، 58، 59

7. 411، 971، 589، 602، 931
8. 7، 11، 10، 18، 13
9. 10 10. 70

مشق نمبر 3

1. 44 2. 49 3. 65 4. 129
5. 76 6. 88 7. 116 8. 176
9. 228 10. 483 11. 156 12. 165

مشق نمبر 4

1. 33 2. 35 3. 113
4.

سینکڑہ	دہائی	اکائی
1	3	2
1	8	2
7	8	9
9	2	3
3	9	1

5. 2150 6. 99، 100

8. 9999، نو ہزار نو سو ننانوے

9. 3، 70، 900، 4000 10. 100 پیسے

مشق نمبر 5

1. 264 2. 288 3. 97

4. 295 5. 2391 6. 2886

7. 30270 8. 35552

9. 31498 10. 24303

11. 19697 12. 14271

13. 19589 14. 32138

15. 21567 16. 10462

17. 24302 18. 2799.3

19. 15467 20. 35676

مشق نمبر 6

1. 25208 2. 13239 3. 5530

4. 3712 5. 52 6. 61 7. 72

8. 73 9. 5141 روپے

10. 2810 روپے 11. 301

12. 14484 کلوگرام 13. 11511

14. 7210 روپے 15. 14395

16. 16976 کلومیٹر

مشق نمبر 7

1. 21 2. 21 3. 34 4. 33

5. 52 6. 31 7. 31 8. 31

9. 21 10. 31 11. 21 12. 11

13. 89 14. 19 15. 56 16. 109

17. 78 18. 89 19. 78

20. 79 21. 69 22. 99

23. 78 24. 686 25. 24

26. 579 27. 1055

28. 99 29. 96 30. 989

مشق نمبر 8

1. 1150 2. 8782 3. 697

4. 109 5. 17 6. 668

7. 3609 8. 8467 9. 991

10. 1045 11. 2123

12. 1926 13. 1202

13. 669 15. 84 16. 4451

17. 2887 18. 495

19. پہلا ایکسرصرف ایک ہے اور دوسرا ایک، ایک ہزار، فرق 999

20. 6952 21. 9061

22. 428 23. 153

24. 13950 25. 124

26. 989 27. 6831

28. 1335 29. 4934

30. 4074

مشق نمبر 9

1. 782 2. 113 3. 1032 4. 10698

6	8	4
4	6	8
8	4	6

5. 653 6. 400 7.

8. 3700 9. 108

10. 74 11. 22 12. 1059

13. 22960 14. 720 15. 23

مشق نمبر 10

1. 30 2. 10 3. 15 روپے

4. 12 ضلعے 5. 12 6. 48

7. 28 دن 8. 56 روپے 9. 40 روپے

10. 9 پیسے 11. 75 کلوگرام

12. 280 روپے

مشق نمبر 11

1. 64 2. 129 3. 459 4. 189

5. 568 6. 279 7. 208 8. 188

9. 1332 10. 1460 11. 4645

12. 5880 13. 67600 14. 77824

مشق نمبر 12

1. 4956 2. 4069 3. 87374

4. 73576 5. 59880 6. 17176

7. 17580 8. 117345 9. 98736

10. 168720 11. 236321 12. 223648

13. 321153 14. 595341

15. 505772 16. 237394

مشق نمبر 13

1. 96 2. 216 3. 108 4. 1364

5. 4680 6. 8928 7. 5400

8. 39312 9. 55328

10. 27000 11. 30130

12. 191044 13. 65760 ورق

14. 13440 آدمی 15. 104732

16. 66000 کلوگرام

مشق نمبر 14

1. 4×4 اور 2×8 2. 3×6 اور 2×9

3. 8×3 اور 6×4 4. 2×14 اور 4×7

5. 2×16 اور 4×8 6. 3×16 اور 4×12

7. 5×10 اور 2×25 8. 8×8 اور 4×16

9. 8×10 اور 5×16 10. 4×21 اور 6×14

11. 6×16 اور 8×12 12. 9×10 اور 5×18

13. 8×9 اور 6×12 14. 10×10 اور 4×25

مشق نمبر 15

1. 15120 سواریاں 2. 1008 لڑکے

3. 20160 کلومیٹر 4. 10800

5. 109125 روپے 6. 99144 امرود

7. 3711 8. 11520 تختے

9. 43200 منٹ 10. 10176 کلوگرام

مشق نمبر16

1. 2 گولیاں 2. 5 کتابیں 3. 24 دوائیاں
4. 25 نوٹ 5. 18 نوٹ 6. 6
7. 8 8. 31 9. 33 10. 70
11. 16 12. 45

مشق نمبر17

1. 9 2. 5 3. 12 4. 8
5. 6 6. 4 7. 7 8. 9
9. 9 10. 3 11. 9 12. 9
13. 8 14. 8 15. 7 16. 9 باقی 1
17. 13، باقی 1 18. 12، باقی 1
19. 7، باقی 1 20. 11، باقی 1
21. 27 22. 32 23. 13، باقی 2
24. 43، باقی 1 25. 15، باقی 5
26. 41، باقی 1 27. 62، باقی 4
28. 28، باقی 9 29. 69
30. 38، 1 31. 528 1
32. 604 7

مشق نمبر18

1. 468 2. 265 3. 468
4. 227 5. 427 6. 787
7. 998 8. 130 9. 652
10. 624 11. 276 12. 234
13. 823 14. 687 15. 823
16. 973 17. 325 18. 582
19. 758 20. 78 21. 531
22. 674 23. 2 491
24. 529 باقی 4 25. 265 باقی 12
26. 156 باقی 5 27. 612 باقی 5
28. 605 باقی 12 29. 631 باقی 10
30. 493 باقی 9

مشق نمبر19

1. 2 روپے فی میٹر 2. 3 روپے کلوگرام
3. 432 4. 113 روپے 5. 212 بھیڑیں
6. 15 دوپٹے باقی 1 میٹر 7. 1088
8. 721 9. 199 انڈے 10. 886
11. 657 12. 225 قطاریں
13. 5511 آم 14. 15 کمپنیاں
15. 487

مشق نمبر20

1. 9 ڈم 7 سم 9 مم 2. 11 م 6 ڈم 2 سم
3. 10 ڈیسی لٹر 7 سنٹی لٹر 6 ملی لٹر
4. 10 گرام 2 ڈیسی گرام 3 سنٹی گرام
5. 9 مم 9 سم 6. 15 ڈیکالٹر 2 لٹر 9 ڈیسی لٹر
7. 9 ہیکٹو گرام 7 ڈیکا گرام 9 گرام
8. 10 ہیکٹو میٹر 5 ڈیکا میٹر 8 میٹر

9. 17 کلولٹر 1 ہیکٹولٹر

10. 16 کلوگرام 3 ڈیکاگرام

مشق نمبر 21

1. 2 میٹر 1 ڈیسی میٹر 1 سنٹی میٹر

2. 2 ڈیکالٹر 1 لٹر 1 ڈیسی لٹر

3. 1 کلومیٹر 1 ہیکٹومیٹر 2

4. 1 گرام 9 ڈیسی گرام 1 سنٹی گرام

5. 2 کلولٹر 9 ہیکٹولٹر 9 ڈیکالٹر

6. 5 میٹر 8 ڈیسی میٹر 9 سنٹی میٹر

7. 5 گرام 9 سنٹی گرام

8. 2 ڈیکالٹر 1 ڈیسی لٹر

9. 4 ڈیکامیٹر 1 میٹر 4 ڈیسی میٹر

10. 2 کلولٹر 4 ہیکٹولٹر

پرچہ جات

پرچہ نمبر 1

1. 1478 2. 13578 3. 1402

4. آلو، توری، شلجم، ساگ، بھنڈی

پرچہ نمبر 2

1. 2215 2. 51 3. 4755296

4. 1269

پرچہ نمبر 3

1. 41 2. 150 روپے 3. 1080

4. کھلی 2، 4، 6 - بند 1، 3، 5

پرچہ نمبر 4

1. 47 لڑکے، 2. 5845 3. 85500

پرچہ نمبر 5

1. تکون، مستطیل، دائرہ 2. تین چوتھائی حصہ، چھٹا حصہ، ایک چوتھائی حصہ 3. 7454

4. 5805

اُردُو کی دُوسری کِتاب

1۔ خُدا کی شان (نظم)

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
جہان	زمین اور آسمان	کمائی کرنا	محنت اور کام کرنا
کام نکلنے والا	کام پورا کرنے والا	نیند بھرنا	سونا۔آرام کرنا
بخشی زبان بڑائی	زبان دی بزرگی۔عزت	تیرے قبضے میں	تیرے اختیار میں

نظم کی نثر: اے خُدا تو زمین اور آسمان کا مالک ہے۔اور تُو تمام دُنیا کا مالک ہے۔اے خُدا تُو سب کو پالتا ہے اور سب کے کام پُورے کرتا ہے۔

اے خدا تو بھُوک میں ہمیں کِھلاتا ہے اور پیاس میں ہمیں پانی پلاتا ہے۔تُو نے ہمیں آنکھیں دیں جن سے ہم دیکھتے ہیں اور کان دیئے جن سے ہم سُنتے ہیں۔ہاتھ پیروں سے ہم کام کرتے ہیں اور زبان سے ہم بولتے ہیں۔یہ سب چیزیں تُو نے ہمیں عطا کی ہیں۔

تو نے دن کام کرنے کے لیے بنایا اور رات سونے کے لیے بنائی ہے، تیرے اختیار میں سب کچھ ہے اور تُو ہی بڑا اور عزت والا ہے۔

2۔ اللہ کی نعمتیں

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
نعمت	انعام	پیدا کیا	بنایا
عقل	سمجھ	پیر	پاؤں

کہانی کا مطلب: ہمیں اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

3۔ پاکِستان

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
پاکستانی	پاکستان کا رہنے والا	بہادر	نہ ڈرنے والے
غلّہ	اناج، گندم چاول، دال	نام روشن کرنا	نام مشہور کرنا
ترانے	گیت	محبّت	پیار

4۔ ہمارا دیس

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
دیس	وطن۔ ملک	قربان	صدقے
آن	عزت	شان	عزت
آنکھوں کا تارا	بہت پیارا	ایمان	دین
		دھوم مچائیں	شور کریں

نظم کا مطلب : پاکستان ہمارا پیارا وطن ہے۔ ہم اپنے وطن پاکستان پر قربان ہیں۔ آزادی ہماری شان اور ایمان ہے۔ آؤ ہم دُنیا میں پاکستان کا نام پھیلائیں۔ یہ پاکستان ہمارا وطن ہے۔

5۔ کام کی بڑائی

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
نبی	رسول	دودھ دوہنا	دودھ چونا
صلی اللہ	اللہ کی اُن	پڑوسی	ہمسائے
علیہ وآلہٖ	پر اور اُن	خندق (موجہ)	گہری کھدی ہوئی جگہ
وسلم	کی اولاد پر سلامتی ہو	تعلیم دی	سبق دیا

سبق کا مطلب : ہمیں اپنا کام خود کرنا چاہیئے۔

6۔ آؤ مل کر کام کریں

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
دولت	روپیہ۔ پیسہ	صبح شام	دن رات
عزت	شان	دم بھرنے والا	کام سے محبت کرنے والا
نام پیدا کریں	نام بڑھائیں		
محنت	کام		

نظم کا مطلب : آؤ سب مِل کر کام کریں۔ دولت وہی ہے جو سب کے پاس ہے اور عزت وہی ہے جو سب کی عزت ہو ہمیں مِل جُل کر کام کرنا چاہیئے اور دن رات مل کر کام کرنا چاہیئے۔

7۔ نیک لڑکی

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
نیک لڑکی	اچھی لڑکی	خلیفہ	مُسلمانوں کا حاکم
گشت کرتے تھے	گھومتے تھے	نیکی	اچھائی
رُک گئے سمجھ گئے	ٹھہر گئے جان گئے	پتہ حال جانا	معلوم ہو جانا

کہانی کا مطلب : ہمیں چاہیئے کہ ہم نیک اور اچھے کام کریں کبھی بُرا کام نہ کریں۔ اللہ ہر جگہ

موجود ہے اور ہم جو کام کرتے ہیں وہ دیکھتا ہے۔

8۔ حضرت علیؓ

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
فوراً	اسی وقت	زِرہ	لوہے کا لباس
حِصّہ لیا	کام لیا		
مقابلہ کیا	لڑائی کی	ختم کر دیتا ہوں	مار دیتا ہوں
فتح حاصل کی	جیت گئے	وار	حملہ
اسلام کی دعوت دی	اسلام کی طرف بُلایا	سر اُڑا دیا	سر کاٹ دیا
حیدر	شیر		

سبق کا مطلب: حضرت علیؓ بڑے بہادر تھے۔ ہمیں چاہیئے کہ ہم بھی حضرت علیؓ کی طرح بہادر بنیں اور اسلام کی خاطر کافروں سے لڑیں۔

9۔ شیر اور چوہا

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
سردی	جاڑا	بدلہ دوں گا	انعام دوں گا
آنکھ کھل گئی	جاگ گیا		
گھبرایا	ڈرا	فرض ادا کرنا	حق ادا کرنا
احسان	نیکی۔ بھلائی		

کہانی کا نتیجہ: ہمیں ہمیشہ احسان کا بدلہ نیکی سے دینا چاہیئے۔ کبھی کسی کی نیکی نہ بھولو۔

10۔ صفائی

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
صاف ستھرے پسند ہے	پاک اور اُجلے ہے۔ اچھی لگتی ہے۔	پھسل جاتا ہے۔ ردّی کاغذ	لڑھک جاتا ہے۔ بے کار کاغذ

سبق کا مطلب: ہمیں ہر وقت صاف اور اُجلا رہنا چاہیئے۔ اپنے کپڑے اور گھر صاف رکھنا چاہیئے گندہ رہنے سے بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ ہمیں چاہیئے کہ ہم ہر وقت صاف اور اُجلے رہیں اور گندگی نہ پھیلائیں۔

10۔ چاند

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
کرن	روشنی کی لکیر	مُنہ	شکل۔ چہرہ
جگ مگ	روشنی دیتا	ڈر	خوف
کرتا		اِدھر کو	جس طرف
چپکے چپکے	آہستہ آہستہ	جاؤ	جاؤ
ڈُبکی	غوطہ		

نظم کا مطلب: چاند اس لیے پیارا ہے کہ وہ ہمیں روشنی دیتا ہے اور خوب صورت لگتا ہے

بچے اور بوڑھے سب اس کو دیکھ کر خوش ہوتے ہیں۔ یہ کسی کو دُکھ نہیں دیتا۔ اسی لیے سب اس کو پسند کرتے ہیں۔

12۔ خالد کے ساتھی

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
صبح سویرے	صبح صبح	چلّانا	زور سے بولنا
ناشتہ	صبح کا کھانا		
پلّا	کتّے کا بچّہ	رنج ہونا	دُکھ ہونا
میمنا	بکری کا بچّہ	بُھلا دیا	بھول گیا
ڈربہ	مُرغی کا گھر		

سبق کا مطلب: کوئی کام بھولنا نہیں چاہیے۔ ایسا کام جس سے کسی کا نقصان ہو اور دُکھ پہنچے، کبھی نہ بھولو، یہ بہت بڑی غلطی ہے۔

13۔ یہ کتاب میری نہیں

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
گھروں کی	گھر کی طرف	رنگین	رنگ دار
راہ لی	جانا	تلاش کرایا	ڈھونڈ رہا تھا
دل للچایا	دل سے چاہا	تھا	تھا

کہانی کا نتیجہ: کبھی کسی دوسرے کی چیز نہ لو، چاہے وہ تمہارے کام کی ہو یا بیکار ہو، چاہے وہ قیمتی ہو یا ردّی، جس کی چیز ہو اس کو ڈھونڈ کر اُسے دے دو اور ہمیشہ جو بھی تمہارے ساتھ نیکی کرے، اس کا شکریہ ادا کرو۔

14۔ ماں کا حکم

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
قافلہ	بہت سے لوگ	لوٹ لیا	چھین لیا
پیدل چلنا ڈاکو	پیروں سے چلنا چور	حکم مانتا ہے	کہنا مانتا ہے
		ستاتا ہوں	دُکھ دیتا ہوں

کہانی کا مطلب: ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔ اور ماں کا حکم ماننا چاہیے۔

15۔ سچ کہو

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
سچ کہو	سچ بولو	دلاور	دل والے
بھلے مانسوں پیشہ	اچھے لوگوں کام	راحت	آرام
عزیز	پیارے	قصور	غلطی
دلیر	بہادر	دانا	سمجھ دار، عقلمند

کہانی کا نتیجہ: کبھی کسی دوسرے کی چیز نہ لو، چاہے

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
مُنہ کالا ہونا	بے عزت ہونا	پشیمانی	شرمندہ ہونا

نظم کا مطلب : ہمیشہ سچ بولنا چاہیئے - سچ بولنے والوں کی سب عزت کرتے ہیں - سچ بولنے والا بہادر ہوتا ہے -

سچ بولنے والے کی غلطی معاف ہو جاتی ہے - جھوٹے آدمی سے لوگ نفرت کرتے ہیں اور جھوٹے کو بُرا سمجھتے ہیں -

16- خط کی کہانی

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
کورا	صاف	اپنے اپنے	اپنے اپنے
موڑ پر	نکڑ پر	حلقے	علاقے
بانٹ دیتا	دے دیتا	لیٹر بکس	خط ڈالنے والا ڈبہ

17- عادل بادشاہ

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
عادل	انصاف کرنے والا	برتاؤ	سلوک.
برابر	ایک جیسے	رنج	افسوس -
		حاضر ہے	سامنے ہے

کہانی کا نتیجہ : ہمیشہ انصاف سے کام لینا چاہیئے اللہ کے نزدیک سب انسان برابر ہیں - انصاف کرنے والے کی سب عزت کرتے ہیں -

18- دھوبی

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
گھاٹ	جہاں دھوبی کپڑے دھوتا ہے -	اُجلا	صاف
		رِگیت	گانا
سائے	چھاؤں	سُوکھ گئے	خشک ہو گئے
میلے	گندے	ڈھیر	ڈھیری

دھوبی کپڑے دھوتا ہے -
ماشکی پانی بھرتا ہے -
درزی کپڑے سیتا ہے -
سب لوگ کام کرتے ہیں - ہمیں بھی کام کرنا چاہیئے -

19- تھوڑا تھوڑا مل کر بہت ہو جاتا ہے

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
گھونسلہ	چڑیوں کا گھر	رفتہ رفتہ	آہستہ آہستہ
اکٹھا کیا	جمع کیا	موسلا دھار مینہ	تیز بارش
ایک ہی بار	ایک ہی دفعہ	بوچھاڑ	پانی کے چھینٹے

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
ضنڈ	بہت سے درخت	جولاہا	کپڑا بُننے والا
ضے	زیادہ۔بہت	شمار کرنا	گِننا
وں ہی	اسی طرح	کام تمام	کام ختم

نظم کا مطلب : جس طرح ایک ایک تِنکا جمع کر کے چڑیاں گھونسلہ بنالیتی ہیں۔ ننھی ننھی بوندیں اکٹھی ہو کر بارش برساتی ہیں اور جولاہا ایک ایک دھاگے سے کپڑا بُن لیتا ہے۔ اسی طرح ہم تھوڑا تھوڑا کام کر کے اسے ختم کر سکتے ہیں۔ اگر تھوڑا تھوڑا سبق یاد کیا کریں تو پورا سبق بھی یاد کر سکتے ہیں۔

20۔ پہلا قطرہ

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
قطرہ	بوند	کالی گھٹا	گھنے بادل
سخت	تیز	رحمت	رحم
گھبرائے	پریشان	لپکے	دوڑے
چرند	جانور	تر ہو گئی	گیلی ہو گئی
پرند	پرندے		

سبق کا مطلب : تھوڑا تھوڑا کر کے بہت ہو جاتا ہے۔ اتحاد میں برکت ہے۔

21۔ حضرت فاطمہؓ

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
پیشانی	ماتھا	زندگی بسر کرنا	زندگی گزارنا
وفات	موت	مرتبہ	درجہ

سبق کا نتیجہ : اپنا کام خود کرنا چاہیے اور ہر حال میں اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

22۔ وقت کی پابندی

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
ہرج	نقصان	فارغ ہونا	فرصت ہونا
پابندی	باقاعدگی	شرمندہ ہونا	شرم کھانا

سبق کا مطلب : جو لوگ وقت کی پابندی نہیں کرتے وہ نقصان اُٹھاتے ہیں اور شرمندہ ہوتے ہیں۔

23۔ نِندیا پور

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
ندّی	نہر	دَلدَل	کیچڑ والی جگہ

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
نندیا	نیند	رانی	ملکہ
حُور	پَری		

24- تلاش کرو

اس سبق کی تصویر میں جو سات چیزیں ہیں جن کے نام کا پہلا حرف " د " ہے وہ یہ ہیں :-

(1) درخت (2) دیوار (3) دوات

(4) درانتی (گھاس کاٹنے والی) (5) دودھ

(6) ڈول (7) دُم ۔

25- حضرت سخی سرورؒ

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
رنگارنگ	رنگ برنگے	مزار	قبر
عُرس	میلہ	تعمیر کرنا	عمارت بنانا
نگاہ	نظر۔آنکھوں کے سامنے	نیکی	بھلائی
		نصیحت	اچھی باتیں
عالی شان	شاندار	مقبرہ	قبر کی عمارت

نیکی کی باتیں حضرت سخی سرورؒ نے کیا بتائی ہیں؟

(1) ہم سب مُسلمان بھائی بھائی ہیں۔

(2) ایک دوسرے کو تکلیف نہ دو۔

(3) ایک دوسرے کی مدد کرو۔

(4) محنت کرو۔ علم حاصل کرو۔

26- پھُولوں کی خُوشبُو

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
رنگ رنگ کے پھُول	ہر طرح کے پھُول	میل جول رکھنا	ملاقات رکھنا
پھُول چُننا	پھُول جمع کرنا		

سبق کا مطلب : اچھوں کے پاس بیٹھنے اور میل جول رکھنے سے انسان اچھا بن جاتا ہے اور بُروں کے پاس اٹھنے بیٹھنے سے بُرا ہو جاتا ہے۔

27- کُٹ کُٹ کرتی آئی مرغی

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
کُٹ کُٹ کرتی	دانہ چگتی	چیل	یہ چوزوں کی دُشمن ہے
فوج	فوج سے مراد بہت سے چوزے	چلّائی	چیخی۔شور مچایا

نظم کا خلاصہ : ایک مُرغی اپنے چوزوں کے ساتھ دانہ چُگ رہی تھی، اُسے چیل نظر آئی۔ تو اس نے کُٹ کُٹ کر کے چوزوں کو بُلایا اور اپنے پَروں میں چھُپا لیا۔ مُرغی اپنے چوزوں سے بڑی محبّت کرتی ہے۔ خود نہیں کھاتی بلکہ اپنے چوزوں کو دانہ

چگاتی ہے۔

28- دو عجیب جانور

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
ریگستان	ریتیلا علاقہ، صحرا	مُرغ	پرندہ
خاصا تیز	بہت تیز	چھلانگ لگانا	اُچھلنا
شتر	اُونٹ	ہتھیار	اوزار

سبق کا مطلب: شُتر مُرغ عجیب جانور ہے۔ اس کی شکل اور صُورت مُرغ جیسی اور جسم اُونٹ جیسا اور ٹانگیں مُرغ جیسی ہوتی ہیں۔ یہ جانور اُونٹ اور مُرغ جیسا ہے۔ یہ اُچھل اُچھل کر چلتا ہے، اُڑ نہیں سکتا۔

29- اُونٹ

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
تیری کون سی	تیرا کون سا	نکیل	ناک کی رسّی
کَل سیدھی	حِصّہ ٹھیک ہے		
چپ چاپ	خاموش	کوہان	اونٹ کی پیٹھ
ریت میں	ریت میں		
دھنسنا	پھنس جانا	ہمّت	حوصلہ

سبق کا مطلب: کسی کا مذاق نہیں اُڑانا چاہیئے بلکہ اس کا کام دیکھنا چاہیئے۔

30- کام اَور کھیل

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
زیبا	درست	سلیقہ	اچھا طریقہ
بھُولے سے	غلطی سے	ہمّت	حوصلہ
طریقہ	اصول	ادھورا	آدھا۔ کم

نظم کا مطلب: ہر کام وقت پر کرنا چاہیئے اور کوئی کام ادھورا نہیں چھوڑنا چاہیئے۔ جو کام شروع کرو اسے پُورا کرو۔ کام کے وقت کام کرو اور کھیل کے وقت کھیلو۔ ہمّت اور حوصلے سے کام کرنا چاہیئے۔

31- فیصل آباد

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
مینار	اُونچی اور بلند عمارت	خوش حال ترقی	امیر برکت
مِل جُل کر رہنا	اکٹھے رہنا	رونق لین دین	بھیڑ بھاڑ کاروبار۔ تجارت

لائل پور پنجاب کا مشہور شہر ہے۔ یہ ایک تجارتی اور صنعتی شہر ہے۔ یہاں زراعت کی بھی تعلیم دی جاتی ہے۔ یہ خُوب صُورت شہر ہے اور اناج کی منڈی بھی ہے۔ اس کی مشہور عمارت

گھنٹہ گھر ہے۔

32- صُبح کی سَیر یا

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
سویرے	صُبح	چہچہانا	خوشی سے بولنا
آنکھ میری کھُلی	مَیں جاگا	سُستی	کاہلی
	ٹہلتا ٹہلتا	آہستہ آہستہ	چلتا
عجب بہار	عجب رونق		
تھی	تھی	باغ مہکا ہُوا	خوشبودار
جا بجا	جگہ جگہ		باغ

نظم کا مطلب: صبح سویرے اُٹھ کر باغ میں سَیر کرنے جانا بہت اچھی بات ہے۔ ایک طرف باغ میں خوشبو ہوتی ہے۔ رنگ برنگ کے پھُول ہوتے ہیں۔ عجب طرح کی بہار ہوتی ہے جس سے طبیعت بہت خوش ہوتی ہے۔ صبح کی سَیر کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ انسان تمام دِن خوش رہتا ہے، اُسے سُستی نہیں آتی اور ہمیشہ تندرست رہتا ہے، بیمار نہیں ہوتا۔

33- دریا کی سَیر

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
ملّاح	کشتی چلانے والا	دل چسپ	مزیدار
چپّو	کشتی چلانے والا ڈنڈا	کافی سَیر ہو چکی	بہت سَیر کر چکے
دریا کے متعلق	دریا کی بابت	دِن ڈھلنے کو تھا	دن غروب ہونے کو تھا

دریا کی باتیں: دریا میں بہت پانی ہوتا ہے بعض جگہ یہ پانی بہت گہرا ہوتا ہے۔ دریا میں چھوٹی بڑی مچھلیاں ہوتی ہیں۔ دریا میں کشتی سے سفر کرتے ہیں۔ دریا کا نظارہ بڑا خوبصورت ہوتا ہے۔

34- یہ کیا نِکلا

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
لپکا	دوڑا	زور لگایا	طاقت لگائی
مُنّا	چھوٹا		

نظم کا مطلب: چُنّا مُنّا دو چوزے تھے دونوں باغ میں دانہ چُگ رہے تھے۔ اُنہوں نے ایک کیڑا دیکھا تو دونوں نے زور لگا کر اسے کھینچا تو وہ چُوہے کی دُم تھی۔ چُوہا نِکل آیا جسے دیکھ کر دونوں بھاگ کھڑے ہوئے۔

نتیجہ: جو کام کرو سوچ سمجھ کر کرو۔



35۔ حضرت داتا گنج بخشؒ

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
تقسیم ہو رہا ہے۔	بٹ رہا ہے	فاتحہ پڑھنا	دُعا مانگنا
جگ مگ کرنے لگا	جگمگانے لگا	فیض	برکت۔ غلم
		ڈیرا	ٹھکانہ۔ گھر

داتا صاحبؒ کا حال: آپ بزرگ تھے آپ کا اصل نام علی تھا۔ آپ غزنی سے ہندوستان آئے۔ آپ نے کئی اسلامی ملکوں کا سفر کیا اور بڑے بڑے عالموں سے علم حاصل کیا۔

آپ نے لاہور میں بھاٹی دروازے کے باہر ایک مسجد بنائی اور وہاں آپ نے لوگوں کو اسلام کی باتیں بتائیں

آپ کی نصیحتیں: محنت کر کے روزی کماؤ۔ نیک کام کرو۔ پڑوسیوں سے اچھا سلوک کرو۔ پڑوسیوں سے اچھا سلوک کرو۔ غریبوں کی مدد کرو۔ علم حاصل کرو۔

36۔ کہنا بڑوں کا مانو

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
بھولے بھالے	سیدھے سادے	دشوار	مشکل
روک ٹوک کرنا	منع کرنا	بُرے بھلے	اچھے، بُرے
نعمت	انعام		
بڑائی	عزت	ٹوکیں	منع کریں

نظم کا مطلب: اے پیارے بچو! ہمیشہ بڑوں کا کہنا مانو جس بات سے تمہیں منع کیا جائے۔ اسے نہ کرو اسی میں تمہاری عزت اور بھلائی ہے۔

اس دُنیا میں اچھی زندگی گذارنے کے لیے ضروری ہے کہ تم بڑوں کا کہنا مانو۔ اس میں برکت اور خدا کی رحمت بھی ہے۔ جو لوگ ماں باپ کا کہنا نہیں مانتے وہ نقصان میں رہتے ہیں۔

املا لِکھو

آس - ڈر - دِن - دُکھ - وہ - آؤ - رُک - دِل - آج - رب - ادا - ڈوب -

آدم - ذرا - درد - ردّی - زرہ - وار - راز - دوڑ - آرام - روزہ - دودھ - زردہ

دروازہ - دواؤں - ارادہ - قطار - شمار - مزار - ہزار - قرار - پکار - شکار - پھوار

مکّار - کہانی - روانی - طوفانی - حیرانی - حجانی - شیطانی - مہربانی - ملتانی - ایرانی -

لاہور - لائل پور - بغداد - مکّہ - مدینہ - خیبر - کراچی - پشاور - سکھّر - بہاول پور -

رفتہ رفتہ - آہستہ آہستہ - تھوڑا تھوڑا - قطرہ قطرہ - ذرّہ ذرّہ - چال چلن - دھوم دھام

خوشبو - گھنٹہ گھر - یونیورسٹی - عبدالقادر - قصور - دھوبی - جنگل - ریگستان - صحرا

زمین - آسمان - چاند - سُورج - ستارے - پہاڑ - ہوا - دریا - بارش - کھیتی -

اُونٹ - شیر - چُوہا - بِلّی - ہاتھی - ریچھ - گینڈا - گھوڑے - چڑیا - گائے - مُرغی -

دیس ہمارا - ہم کو پیارا - دیس ہمارا پاکستان - اُونچی اس کی شان -

موسلا دھار - جُھنڈ اور جنگل گھنے - چلغوزے - مونگ پھلی - پنگوڑے - لہریں -

خَتم شُد

قومی ترانہ

پاک سَرزمین شَادباد کِشورِ حسِین شَادباد
تو نِشانِ عزمِ عَالیشَان اَرضِ پاکِستَان
مرکزِ یقِین شَادباد

پاک سَرزمین کا نظام قُوّتِ اُخوّتِ عوام
قوم، مُلک، سَلطنت پَائِندہ تَابِندہ بَاد
شَادباد مَنزلِ مُراد

پَرچمِ سِتارہ وہِلال رہبرِ ترقّی وکمال
تَرجمَانِ ماضی شَانِ حَال جَانِ اِستقبَال!
سَایۂ خُدائے ذُوالجلال

O